★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر:15 | جمعرات 6 فروری 2025ء 7 شعبان المبارک 1146ھ 24 ماگھ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ:107

بھارت 5 اگست کی سوچ سے باہر نکل کر مسئلہ کشمیر بامعنی مذاکرات کرے

وزیراعظم

5 فروری پکار پکار کر یاد دلاتا ہے کسی 5 اگست سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازع کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے، بھارتی فوج کی تعداد میں اضافے سے کشمیریوں کی آزادی کی تڑپ اور بڑھ رہی

5 اگست کی سوچ سے باہر نکلنا بھارت کے مفاد میں ہے، اسلحے کے انبار جمع کرنے سے خطے کے غریبوں کی زندگی نہیں بدلے گی، کلبھوشن اور ابھینندن ہماری عسکری صلاحیت کا زندہ ثبوت ہیں، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں اجلاس سے خطاب



وزیراعظم میاں شہباز شریف شہداء کی یادگار پر حاضری کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

مظفر آباد (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 5 فروری پکار پکار کر یاد دلا رہا ہے کہ کسی 5 اگست سے کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، کشمیریوں کے آزادانہ اور منصفانہ حق رائے دہی کے ذریعے تنازع کشمیر کا حل ہی خطے اور دنیا میں امن کا واحد راستہ ہے (بقیہ نمبر 23)

بانی نے بھی بات نہ مانی تو صدارت چھوڑ دوں گا، جنیدا کبر

سیاسی کارکن ہوں، سیاسی نوکر نہیں، غلط کو غلط اور ٹھیک کو ٹھیک کہہ سکتا ہوں

مردان (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنیدا کبر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے بھی بات نہ مانی تو صدارت چھوڑ دوں گا۔ پی ٹی آئی ورکرز کنونشن (بقیہ نمبر 49)

10 کشمیر خاطر جنگیں لڑنے کو بھی آرمی چیف تیار ہیں

بھارتی جبر و استبداد کیخلاف ان کے جائز اور حق پر مبنی مقصد کی حمایت کرتا رہے گا، اس میں کوئی شک نہیں کہ کشمیر ایک دن آزاد ہوگا اور مرضی کے مطابق پاکستان کا حصہ بنے گا، جنرل عاصم منیر

ہم قوم کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں پوری قوت کے ساتھ مصروف ہیں، بھارت کے مظالم اور بڑھتی ہوئی ہندو توا انتہا پسندی کشمیری عوام کے عزم کو مضبوط کرتی ہے جو اپنے حق خودارادیت کی جدوجہد میں مصروف ہیں



مظفر آباد: چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر جونواں کے ہمراہ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے

راولپنڈی (خبر نگار) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہے گا اور بھارتی جبر و استبداد کیخلاف ان کے جائز اور حق پر مبنی مقصد کی حمایت کرتا رہے گا، اس میں کوئی شک نہیں کہ کشمیر ایک دن آزاد ہوگا اور مرضی کے مطابق پاکستان کا حصہ بنے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مظفر آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے جموں و کشمیر یادگار پر پہنچ کر شہداء کے یادگار پر پھول چڑھائے (بقیہ نمبر 12)

کشمیری ڈرپوک نہیں نڈر قوم ہے کبھی نہیں جھکے گی مشعل ملک

اقوام متحدہ آج تک بھارت کو کٹہرے میں کیوں نہ لا سکا؟ کشمیر میں قید معصوم افراد کو فوری طور پر رہا کیا جائے، چیئرپرسن پیس اینڈ کلچر آرگنائزیشن

حال ہی میں میری والدہ کو بھارت نے دہشتگرد نیٹ ورک کے ذریعے سلو پوائزننگ سے شہید کروایا، اہلیہ یاسین ملک

اسلام آباد (خبر نگار) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ کشمیری ڈرپوک نہیں نڈر قوم ہے، کشمیری کبھی نہیں جھکیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا کہ کشمیریوں کا سب سے بڑا ہتھیار شہدا (بقیہ نمبر 15)

چین سے پولیس کیلئے جدید ٹیکنالوجی و آلات کی فراہمی کا خیر مقدم

وفاقی وزیر داخلہ کی چینی ہم منصب سے ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کیساتھ تعاون، انٹیلی جنس شیئرنگ کو بہتر بنانے و پیرا ملٹری فورسز کیلئے بارڈرز کو محفوظ کرنے پر اتفاق

ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے ساتھ تعاون، انٹیلی جنس شیئرنگ کو مزید بہتر بنانے اور پیرا ملٹری فورسز کے لیے بارڈرز کو محفوظ کرنے پر اتفاق کیا گیا

بیجنگ (خبر نگار) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ چین سے پولیس کیلئے جدید ٹیکنالوجی و آلات لیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پولیس اور پیرا ملٹری فورسز کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے متعلق گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے ساتھ تعاون، انٹیلی جنس شیئرنگ کو مزید بہتر بنانے اور پیرا ملٹری فورسز کے لیے بارڈرز کو محفوظ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں پولیس اور پیرا ملٹری کے درمیان جوائنٹ ورکنگ گروپ کی میٹنگ پر اطمینان کا اظہار اور بیجنگ پولیس اور اسلام آباد پولیس میں بھی تعاون (بقیہ نمبر 19)

نائب وزیراعظم کا پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر دکھ کا اظہار

آغا خان کا پاکستان کیساتھ خصوصی لگاؤ، عوام کی ترقی میں ان کے بے مثال تعاون کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (خبر نگار) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں اسحٰق ڈار نے کہا کہ پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرا رنج ہوا، انسان دوستی اور دنیا بھر میں کمیونٹیز کی بہتری کیلئے ان کی غیر متزلزل لگن نے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ آغا خان کا پاکستان کے ساتھ خصوصی لگاؤ (بقیہ نمبر 21)

پرنس کریم آغا خان بلند پایہ شخصیت، ان کا پاکستانیوں کے دلوں میں خاص مقام تھا، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نیپرنس کریم آغا خان کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بلند پایہ شخصیت تھے، ان کا پاکستانیوں کے دلوں میں خاص مقام تھا، پرنس کریم آغا خان اور ان کی (بقیہ نمبر 20)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان

غزہ کی پٹی پر قبضہ کر کے اپنی ملکیت بنائیں گے جس کا مقصد اس علاقے میں استحکام لانا اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کرنا ہے

فلسطینی غزہ کو چھوڑ دیں، تعمیر نو کا کوئی کام نہیں ہوگا، ہم علاقے کے لوگوں کیلئے ملازمتیں دیں گے، شہریوں کو بسائیں گے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے ساتھ وائٹ ہاؤس میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ غزہ کی پٹی پر قبضہ کر کے اپنی ملکیت بنائیں گے جس کا مقصد اس علاقے میں استحکام لانا اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کرنا ہے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 24)

نواز شریف کا اسماعیلی برادری کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان کی وفات پر اظہار افسوس

پرنس کریم آغا خان کی دنیا میں امن، اسماعیلی کمیونٹی، پاکستان میں سماجی ترقی کیلئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے اسماعیلی برادری کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان کی وفات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ پرنس کریم آغا خان بین الاقوامی شناخت کی حامل ایک محترم شخصیت تھے، پرنس کریم آغا خان پاکستان کے دوستوں اور محبت کرنے والے افراد میں نمایاں تھے، ان کی وفات ہم سب کا ذاتی نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے فروغ، صحت کی سہولتوں اور ثقافت کے فروغ کے لئے پرنس کریم آغا خان نے گراں قدر کام کیا،

مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر گہری تشویش

لاہور (خبر نگار) ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سارہ احمد اور مہوش سلطانہ کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پنجاب اسمبلی میں ایک اہم قرارداد جمع کروائی گئی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ یہ ایوان پنجاب اسمبلی تسلیم کرتا ہے کہ 5 فروری ہر سال یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے تاکہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت (بقیہ نمبر 22)

یوم یکجہتی کشمیر پاک فوج کا کشمیری عوام کے ناقابل تسخیر عزم کو خراج تحسین

کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ان کی آزادی و وقار کیلئے ہر ممکن حمایت جاری رکھیں گے، آئی ایس پی آر

پاکستان کی مسلح افواج مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں اور غیر قانونی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتی ہیں

راولپنڈی (خبر نگار) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، سروسز چیفس اور پاکستان کی مسلح افواج بھارتی غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے بہادر عوام کی حق خودارادیت کیلئے جاری جدوجہد کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سروسز چیف نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کہا ہے کہ کشمیری عوام کے ناقابل تسخیر عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، دہائیوں سے جاری ریاستی جبر، ظلم و ستم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں، ان کا استقلال اور حوصلہ پوری قوم کے لیے ہمت و جرات کی علامت ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں اور غیر قانونی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتی ہیں، یہ مظالم عالمی قوانین، انسانی اصولوں اور بنیادی انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہیں، جو بھارت کے مکروہ چہرے کو بے نقاب کرتی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہم عالمی برادری، انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 44)

یوم یکجہتی کشمیر سڑکیں خاتون آرٹسٹ کے بنائے گئے پورٹریٹس سے سج گئیں

کشمیر جنت نظیر وادی، بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا، پوری قوم سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کشمیری عوام کیساتھ کھڑی ہے، سید ال خان، مصدق ملک

اسلام آباد (خبر نگار) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان اور وفاقی وزیر توانائی مصدق ملک نے کہا ہے کہ کشمیر جنت نظیر وادی ہے، جسے بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا ہے، پوری قوم سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر پر وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز دفتر خارجہ سے ہوا جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ ریلی پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے پہنچی، جہاں شرکاء نے پاکستانی اور کشمیری پرچم تھام رکھے تھے اور پانچ سو میٹر طویل قومی و کشمیری پرچم بھی اٹھا رکھا تھا۔ مظاہرین نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی ڈی چوک پہنچنے پر سیاسی و سماجی شخصیات نے خطاب کیا۔ وفاقی وزراء، مذہبی و سیاسی رہنماؤں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکاء کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر کے ڈپٹی (بقیہ نمبر 43)

سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی

ریلی میں خواتین اور بچوں کی شرکت، مظاہرین نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگائے، شرکاء نے پاکستانی اور کشمیری پرچم تھام رکھے تھے اور پانچ سو میٹر طویل قومی و کشمیری پرچم بھی اٹھا رکھا تھا

کشمیر جنت نظیر وادی، بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا، پوری قوم سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کشمیری عوام کیساتھ کھڑی ہے، سید ال خان، مصدق ملک

اسلام آباد (خبر نگار) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان اور وفاقی وزیر توانائی مصدق ملک نے کہا ہے کہ کشمیر جنت نظیر وادی ہے، جسے بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا ہے، پوری قوم سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر پر وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز دفتر خارجہ سے ہوا جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ ریلی پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے پہنچی، جہاں شرکاء نے پاکستانی اور کشمیری پرچم تھام رکھے تھے اور پانچ سو میٹر طویل قومی و کشمیری پرچم بھی اٹھا رکھا تھا۔ مظاہرین نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی ڈی چوک پہنچنے پر سیاسی و سماجی شخصیات نے خطاب کیا۔ وفاقی وزراء، مذہبی و سیاسی رہنماؤں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکاء کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر کے ڈپٹی (بقیہ نمبر 43)

علی امین گنڈاپور سے صدر پی ٹی آئی پختونخوا کی ملاقات، جلسے بارے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی

پشاور (خبر نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبائی صدر پی ٹی آئی جنید اکبر کو 8 فروری کے جلسے کے حوالے سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرادی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور سے صوبائی صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جنید اکبر خان نے ملاقات کی جس میں 8 فروری (بقیہ نمبر 28)

پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کیلئے آواز اٹھاتا رہے گا، چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز اور مذہبی امور چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کیلئے آواز اٹھاتا رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی (بقیہ نمبر 29)

بین الاقوامی پارلیمانی وفود کی سی پی اے کانفرنس میں شرکت کے لیے آمد شروع

پنجاب اسمبلی کی اراکین حنا پرویز بٹ اور سلمہ سعید ہاشمی نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی میں پہلی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا ریجنل سی پی اے کانفرنس میں شرکت کے لیے بین الاقوامی پارلیمانی وفود کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ملائیشیا کی مختلف قانون ساز اسمبلیوں کے معزز سپیکرز اور اراکین اسمبلی پر مشتمل 14 رکنی پارلیمانی وفد لاہور ایئرپورٹ پہنچ گیا۔ پنجاب اسمبلی کی اراکین حنا پرویز بٹ اور سلمہ سعید ہاشمی نے وفد کا پرتپاک (بقیہ نمبر 40)



لاہور: پنجاب اسمبلی میں پہلی سی پی اے کانفرنس میں شرکت کیلئے ملائیشیا کی اسمبلی کے سپیکرز اور پارلیمانی وفد کی لاہور آمد پر اراکین پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ اور سلمہ سعدیہ ہاشمی استقبال کر رہی ہیں



صدر مملکت آصف علی زرداری کے بیجنگ میں عظیم ہال پہنچنے پر چینی صدر شی جن پنگ ہاتھ ملا رہے ہیں

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا

لوگوں کی بڑی تعداد نے مظاہروں میں شرکت کی، بچوں، بوڑھوں اور خواتین کا جوش قابل دید تھا

آج کا دن سابق امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمدؒ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے قوم خراج تحسین پیش کرتی ہے، مقررین

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ساہیوال، اوکاڑہ، قصور، سیالکوٹ، نارووال، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، چنیوٹ، حافظ آباد، وزیر آباد، ننکانہ، شیخوپورہ سمیت پورے پنجاب میں بھرپور طریقے سے منایا گیا۔ لوگوں کی بڑی تعداد نے ان مظاہروں میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے ہاتھوں (بقیہ نمبر 31)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن یکجہتی کشمیر ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستانی سفارتخانے پیرس فرانس میں یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا

پاکستانیوں، مقیم کشمیریوں، ماہرین تعلیم و صحافیوں کا حق خودارادیت کیلئے کشمیری عوام کی سات دہائیوں کی طویل جدوجہد کی حمایت کا اظہار

بھارت 5 اگست 2019 کے بعد کیے گئے تمام غیر قانونی اقدامات واپس لے، پاکستان سفیر ممتاز زہرہ بلوچ کا تقریب سے خطاب

پیرس (خبر نگار) فرانس میں پاکستانی سفیر ممتاز زہرہ بلوچ نے بھارت پر زور دیا ہے کہ 5 اگست 2019 کو یا اس کے بعد کیے گئے تمام غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو واپس لے۔ جاری اعلامیے کے مطابق پاکستانی سفارتخانے پیرس فرانس میں یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا۔ تقریب میں فرانس میں مقیم پاکستانیوں، (بقیہ نمبر 30)

سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

پرنس کریم آغا کی تعلیم اور صحت کے شعبے میں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، تعزیتی پیغام

اسلام آباد (خبر نگار) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غم کی اس گھڑی میں پرنس کریم آغا خان کے اہل خانہ اور اسماعیلی کمیونٹی کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ جاری تعزیتی پیغام میں سپیکر قومی اسمبلی نے پرنس کریم آغا خان کو ان کی خدمات پر خراج تحسین کرتے ہوئے مرحوم کے اہلخانہ (بقیہ نمبر 32)

آرمی چیف کو لکھے عمران خان کے خط کا جواب آنا تو دور، رسید بھی نہیں آئیگی، عرفان صدیقی

نہ جانے کون لوگ ہیں، کہاں بیٹھے ہیں جو اس طرح کے خطوط لکھ کر اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں

پی ٹی آئی کے پاس مذاکرات کیلئے سنجیدہ راستہ بچا ہے، بے مقصد خطوط نویسی سے انہیں پہلے کچھ ملا نہ اب ملے گا

اسلام آباد (خبر نگار) سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ چیف آف آرمی سٹاف کے نام عمران خان کا نام نہاد خط ان کی پرانی افسوسناک سوچ کی ترجمانی کرتا ہے، اس خط کا کوئی جواب آنا تو دور کی بات ہے، رسید تک بھی نہیں آئے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ خط ابھی تک نہ کسی نے دیکھا نہ پڑھا، پتا نہیں کس کبوتر کی چونچ میں ہے اور وہ کب کس منڈیر پر اترے گا۔ عرفان صدیقی نے انکشاف کیا کہ عمران خان نے آرمی چیف کے نام ایک خط 2023 کے اوائل میں بھی لکھا تھا جو صدر عارف علوی (بقیہ نمبر 33)

سرکاری خریداری شفاف بنانے کیلئے نیب اور پی پی آر اے میں معاہدہ

دونوں ادارے نیشنل الیکٹرانک پروکیورمنٹ ڈیٹا بیس کے قیام کیلئے ایک دوسرے سے تعاون کریں گے

ڈائریکٹر جنرل نیب (اے اینڈ پی) اور پروجیکٹ ڈائریکٹر ای-پیڈز نے دستخط کئے

اسلام آباد (خبر نگار) پبلک پروکیورمنٹ کے عمل کو شفاف بنانے کیلئے نیب اور پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نیب ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں تقریب میں چیئرمین نیب لفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد، ڈپٹی چیئرمین نیب سہیل ناصر، پراسیکیوٹر جنرل احتساب احتشام قادر شاہ اور منیجنگ (بقیہ نمبر 36)

پشاور میں پہلی خصوصی وراثتی عدالت قائم

پشاور (خبر نگار) پشاور میں پہلی خصوصی وراثتی عدالت قائم کر دی گئی ہے جس میں مقدمات کی سماعت سول جج کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 34)

پی ٹی آئی کو گالی دینے، بری زبان استعمال کرنے والوں پر حملہ کرنے کا تجربہ ہے، دانیال چوہدری

اسلام آباد (خبر نگار) رہنما مسلم لیگ (ن) بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 35)

ہماری اخلاقی، سفارتی و سیاسی حمایت ہمیشہ کشمیری بھائیوں کو حاصل رہے گی

رانا ثناء اللہ

پوری دنیا ہندوستان کو مجبور کرے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کرتے ہوئے کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دے، مشیر وزیراعظم کا پیغام

مقبوضہ کشمیر کے عوام اپنا حق خودارادیت استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کریں گے، ہم کشمیر کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ کشمیری بہنوں، بھائیوں اور بزرگوں نے کشمیر کی آزادی کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں، کشمیری عوام نے ہندوستان کے ظلم اور بربریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، پوری پاکستانی قوم ان کشمیری بہنوں اور بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم عہد کرتی ہے کہ ہم کشمیری بھائیوں کی آزادی کی اس جدوجہد میں ان کیساتھ ہے اور ہماری اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہمیشہ کشمیری بھائیوں کو حاصل رہے گی، پوری دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑتے ہوئے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان مظلوموں کے حق کیلئے آواز بلند کی جائے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ہندوستانی حکومت کشمیری عوام پر ظلم اور (بقیہ نمبر 41)

پرنس کریم آغا خان کی تعلیم اور صحت کے شعبے میں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

یوسف رضا گیلانی

سید یوسف رضا گیلانی کا اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا پرنس کریم خان کے انتقال پر اظہار افسوس

پرنس کریم آغا خان نے پسماندہ اور متوسط درجے کے طبقات کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں، قائمقام صدر کا بیان

اسلام آباد (خبر نگار) قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا اور آغا ڈویلپمنٹ نیٹ ورک کے بانی اور سربراہ پرنس کریم خان کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرنس کریم خان انسانیت سے محبت کرنے والے انسان تھے، ان کی تعلیم اور صحت کے شعبے میں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، انہوں نے پسماندہ اور متوسط طبقات کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ جاری تعزیتی پیغام میں قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پرنس کریم آغا خان کی وفات کا سن کر دل بہت افسردہ ہے۔ قائمقام صدر نے کہا کہ پرنس کریم خان انسانیت سے محبت کرنے والے انسان تھے، پرنس کریم آغا خان کی تعلیم اور صحت کے شعبے میں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے (بقیہ نمبر 39)

کشمیریوں کو مزید غلام بنا کر نہیں رکھا جا سکتا ہم اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی

چوکی (خبر نگار) ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے یوم کشمیر (بقیہ نمبر 38)

بیرسٹر سیف کی قائمقام افغان سفیر مولوی سردار احمد شکیب سے ملاقات

بانی پی ٹی آئی و وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے دیا گیا خصوصی خیر سگالی پیغام وفد کو پہنچایا

پاکستان اور افغانستان کے مابین دوستانہ تعلقات کے خواہاں ہیں، (بقیہ نمبر 37)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے لبرٹی چوک میں علامتی یادگار شہداء پر پھول رکھ رہی ہیں

بیجنگ: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی چینی رہنما سے ہاتھ ملا رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد ریاض
سٹی نیوز

نرسنگ کالج جنرل ہسپتال میں پرنسپل روبینہ انعام کی قیادت میں ریلی کا انعقاد

نرسنگ طالبات کے ''لے کر رہیں گے کشمیر'' اور ''کشمیر بنے گا پاکستان'' فلک شگاف نعرے

لاہور (خبر نگار) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کالج آف نرسنگ امیر الدین میڈیکل کالج لاہور جنرل ہسپتال کے زیر اہتمام پرنسپل روبینہ انعام کی قیادت میں ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں فیکلٹی ممبران اور نرسنگ طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیر کی آزادی کے حق میں پمفلٹس اٹھا رکھے تھے، نرسنگ طالبات نے ''لے کر رہیں گے کشمیر'' اور ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کے فلک شگاف نعرے بلند کیے جبکہ شرکاء نے ہاتھوں کے زنجیریں بنا کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا۔ شرکاء نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ عالمی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بین الاقوامی اداروں کی قراردادوں کو نظر انداز کیا اور سیکرلرازم کے دعوؤں کے برعکس بنیادی انسانی حقوق کی جس طرح سے دھجیاں اڑائیں گئیں اُس کی اور کہیں مثال نہیں ملتی۔ پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال روبینہ انعام نے ریلی کے شرکاء



سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہہ رگ ہے اور جدوجہد آزادی میں اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے جس کے لئے پاکستانی قوم ہر فورم پر اُن کی حمائیت جاری رکھے گی۔ روبینہ انعام نے مقبوضہ کشمیر کے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں اور اُن کے حوصلے، صبر اور استقلال کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

یومِ کشمیر یواے ٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کی قیادت میں یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد

ریلی میں ڈینز، اساتذہ، تدریسی وانتظامی شعبہ جات کے سربراہان سمیت طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) کشمیر ڈے کے موقع پر یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے زیر اہتمام کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے کی۔ ریلی وائس چانسلر آفس سے شروع ہوئی اور یو ای ٹی آڈیٹوریم کمپلیکس پر اختتام پذیر ہوئی۔ جہاں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا۔ بھارت کو کشمیریوں پر ڈھائے گئے مظالم کا حساب دینا ہوگا۔ آزادی کی جدوجہد میں کشمیری تنہا نہیں ہیں۔ بھارت نے کشمیر کے متعلق یو این او کی قرار



دادوں پر عمل نہ کر کے فاشسٹ ریاست کا کردار ادا کیا ہے۔ کشمیر حاصل کئے بغیر پاکستان کی تکمیل نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے بھارتی مظالم کی پرزور مذمت کی اور کہا کہ کشمیر کی آزادی کیلئے معاشی طور پر مستحکم پاکستان ناگزیر ہے۔ ریلی میں یو اے ٹی میں زیر تعلیم مقبوضہ کشمیر کے طلباء نے کشمیری لباس زیب تن کر رکھا تھا اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر کشمیر کی آزادی اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے۔ ریلی میں کشمیری طلباء نے ترانہ پیش کیا۔ ریلی میں ڈینز، اساتذہ، مختلف تدریسی و انتظامی شعبہ جات کے سربراہان سمیت طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی



لاہور: پریس کلب کے باہر گوجر یوتھ فورم پنجاب، گوجر علماء فورم کے زیر اہتمام یوم کشمیر ریلی میں چوہدری شہزاد گوجر، چوہدری نسیم گوجر، حافظ مشتاق، انجینئر عبدالستار، چوہدری مختار گوجر و دیگر شریک ہیں



برائے مہربانی اس تصویر کو اپنے اخبار میں نمایاں طور پر شائع کر کے شکریہ کا موقع دیں

''کشمیر ہمارا ہے'' لاہور لبرٹی چوک میں محکمہ اطلاعات کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر تقریب

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے لبرٹی چوک میں شمع آزادی روشن کی اور شہدا کشمیر کی یادگار پر پھول رکھ کر نذرانہ عقیدت پیش کیا

یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب میں علامتی خاموشی اختیار کی گئی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شہدا کشمیر کے لئے دعا مغفرت بھی کی

لبرٹی چوک راؤنڈ اباؤٹ پر دیوار شہداء حریت کشمیر کے دیوار گیر بل بورڈ بھی نصب کئے گئے، کشمیری رہنماؤں اور شہداء کی تصاویر کو سلاخیں لگا کر علامتی جیل بنائی گئی





لاہور (خبر نگار) ''کشمیر ہمارا ہے'' ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ لاہور لبرٹی چوک میں محکمہ اطلاعات وثقافت کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کنونشن منعقد ہوئی - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے لبرٹی چوک میں شمع آزادی روشن کی - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شہدا کشمیر کی یادگار پر پھول رکھ کر نذرانہ عقیدت پیش کیا - یوم یکجہتی کشمیر کی تقریب میں علامتی خاموشی اختیار کی گئی - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شہدا کشمیر کے لئے دعا مغفرت کی - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور دیگر شرکا نے مظلوم کشمیریوں کے لئے دعا بھی کی - لبرٹی چوک کی تقریب میں کشمیر کی مناسبت سے پکچر وال کی نمائش کی گئی - لبرٹی چوک راؤنڈ اباؤٹ پر دیوار شہداء حریت کشمیر کے دیوار گیر بل بورڈ بھی نصب کئے گئے - کشمیری رہنماؤں اور شہداء کی تصاویر کو سلاخیں لگا کر علامتی جیل بنائی گئی - لبرٹی چوک کے اطراف میں بھارتی مظالم اور بربریت کے مناظر پر مبنی پینا فلیکس آویزاں کی گئیں - یوم یکجہتی کشمیر پر آئی ایس پی آر کا تیار نغمہ بھی پیش کیا گیا -

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں داتا دربار میں تقریب، ریلی اور خصوصی دُعا کا اہتمام

یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں داتا دربار میں تقریب، ریلی اور خصوصی دُعا کا اہتمام



لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت داتا دربار میں یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں تقریب، ریلی اور خصوصی دُعا کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے کشمیریوں کے اپنے جائز حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال عزم و قربانی اور تاریخ ساز جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے بہنوں اور بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں، ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دینی طبقات اور محراب و منبر کشمیر کے جائز مطالبات کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھیں گے۔ کشمیری، بھارتی جبر کی زنجیریں توڑتے ہوئے اپنی کوشش اور جدوجہد میں ضرور کامیاب ہونگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے، عالمی برادری کو کشمیر کے معاملات کو اپنی اجتماعی ذمہ داری کے طور پر قبول کرتے ہوئے کشمیری عوام کے مصائب اور مشکلات کا ادراک کرنا اور سلامتی کونسل کو قرارداد کے مطابق اسے حل کروانا چاہیے۔ تقریب میں ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل اور خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی سمیت دیگر شرکاء نے کشمیریوں کے ناقابلِ تنسیخ حق خودارادیت کیلئے منصفانہ اور جرأت مندانہ جدوجہد میں، اپنی غیر متزلزل تائید و حمایت کی یقین دہانی کرواتے ہوئے، بھارتی غیر قانونی تسلط کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجتماع کشمیریوں کو، ان کے حقِ آزادی کے حصول کے لیے بے مثال عزم اور لازوال قربانیوں پر خراجِ تحسین پیش کرتا اور کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔

کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے: اشرف بھٹی

پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں، بہنوں کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں: صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (پ ر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، پاکستانی قوم کشمیر کاز کیلئے اپنے عزم پر ثابت قدم ہے اور کشمیری عوام کے ساتھ اس وقت تک کھڑے رہے گی جب تک وہ اپنا پیدائشی حق، حق خودارادیت حاصل نہیں کر لیتے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے، پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، پاکستان ہر فورم پر کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیمیں بھارتی افواج کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں اور بھارت کو کشمیری عوام پر ظلم کرنے سے روکنے کیلئے ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔ کشمیر کے مسئلے کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل نکالا جائے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔

آزادی کی منزل کے حصول تک کشمیریوں کی غیر مشروط حمایت جاری رہے گی: مسرت جمشید چیمہ

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیریوں کی آزادی اور حق خود ارادیت کی منزل کے حصول تک ان کی غیر مشروط حمایت کرتی رہے گی، بھارتی حکومت کی دہائیوں سے جاری بربریت عالمی برادری اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کے منہ پر طمانچہ ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بھارت کی روایتی ہٹ دھرمی سے کشمیریوں پر عرصہ حیات تنگ کیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد میں کمی کی بجائے شدت آئی ہے۔

قومی انسداد پولیو مہم/ تیسرا روز: کمشنر لاہور زید بن مقصود شہر کے مختلف علاقوں کا جائزہ

ریکارڈ اوراپ ڈیٹ ڈیٹا پر بریفنگ دیجاری پولیو مہم میں لاہور میں 5 سال کی عمر تک کے 22 لاکھ 30 ہزار 134 بچوں کو پولیو قطرے پلانے کا ہدف ہے: کمشنر لاہور



لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے قومی انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز شہر کے مختلف علاقوں (داتا گنج بخش ٹاؤن یو سی 94 شادمان) میں مصروف کار پولیو فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ دورہ کیا۔ سی ای او ہیلتھ لاہور اور متعلقہ پولیو انچارجز نے پولیو مہم، ریکارڈ اور اپ ڈیٹ ڈیٹا پر بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے کہا ہے کہ جاری پولیو مہم میں لاہور میں 5 سال کی عمر تک کے 22 لاکھ 30 ہزار 134 بچوں کو پولیو قطرے پلانے کا ہدف ہے، جس کے لئے 5825 موبائیل پولیو ٹیمز، 371 فکسڈ ٹیمز متحرک ہیں اور 214 ٹرانزٹ پوائنٹس کو بھی ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، ریلوے اور بس اسٹیشنز پر بھی ٹیمیں تعینات ہیں، انہوں نے خصوصی طور پر پولیو ٹیموں سے ایپ کے ذریعے ڈیٹا اپلوڈنگ، ریکارڈ رجسٹر اور انسداد پولیو مائکرو پلان کے مطابق ابتک کی انٹریز کو چیک کیا۔ کمشنر لاہور نے والدین سے اپیل کی ہے کہ فیلڈ ٹیمیں جانفشانی سے ہر دروازے پر دستک دے رہی ہیں، 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو قطرے پلوانا والدین کا قومی و انسانی فرض ہے، پولیو زندگی بھر کی معزوری سے، اپنے بچوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، شہری اور والدین مکمل تعاون کریں۔

گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نارووال میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ریلی کا انعقاد











ریلی میں پرنسپل رحمت علی، آٹو فورمین سلطان محمود، الیکٹریکل سپروائزر محمد عرفان، سکلڈ ورکر الیکٹریکل علی اکبر، سکلڈ ورکر ٹریکٹر آپریٹر محمد افضل، نائب قاصد محمد احسان نواز، چوکیدار عثمان علی، کلاس الیکٹریشن طالب علم قدیر علی، محمد متین، عامش علی، رحمن اصغر، عمران علی، ریحان علی، محمد فیاض، محمد فیضان، زین علی، عبدالرحمن، لقمان علی، زبیر ذوالفقار علی، مظہر علی، کلاس ویڈنگ طالب علم، سیدز کی حیدر علی، محمد خرم حیدر علی، شہباز علی، اعجاز علی، محمد سعد، عبداللہ اور ابوبکر نے شرکت کی۔

چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کا کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار

لاہور (خبر نگار) کشمیر ڈے کے موقع پر لیسکو کے چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر نے کشمیری عوام کے ساتھ اپنی بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم کشمیری عوام کے حق میں آواز اٹھانے اور ان کے حقوق کے دفاع کے لئے ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ دن کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کا دن ہے، اور ہم ان کی آزادی اور حقوق کی حمایت کے لیے پرعزم ہیں۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر نے مزید کہا کہ کشمیری عوام کا عزم اور حوصلہ عالمی سطح پر قابلِ تعریف ہے، اور پاکستان کے عوام ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ کشمیریوں کا حق ہے کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کریں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق انہیں اپنے حق خودارادیت کا حق حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے میں کسی بھی کوشش سے گریز نہیں کریں گے اور ہمیشہ ان کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے رہیں گے۔ لیسکو نے اس دن کو یکجہتی کے طور پر منانے کا عہد کیا اور کشمیری عوام کے ساتھ اپنی حمایت کا پیغام دیا ہے

کشمیری کئی نسلوں سے آزادی کی تحریک کی اپنے خون سے آبیاری کر رہے ہیں: پی سی ایم ای اے

شہدائے کشمیر کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی عتیق الرحمان، عبداللطیف ملک، ریاض احمد، اعجاز الرحمان

لاہور (پ ر) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کشمیریوں کی آزادی کے لئے لازوال جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدائے کشمیر کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ چیئرمین میاں عتیق الرحمان، پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سینئر رہنما عثمان اشرف، سعید خان، اکبر ملک، میجر (ر) اختر نذیر، کامران رضی، شاہد حسن شیخ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستانی قوم کسی لمحے بھی اپنے مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کو فراموش نہیں کر سکتی، پانچ فروری کے دن کو بھرپور عزم کے ساتھ منانے کا مقصد عالمی برادری کو کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں پاکستانی قوم کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے آگاہ کرنا ہے۔ پی سی ایم ای اے کے رہنماؤں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا اس لئے اس کی غیر معمولی اہمیت کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ کشمیری کئی نسلوں سے اپنے خون سے آزادی کی تحریک کی آبیاری کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔

وزارت صحت کی ہدایت پر علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال ڈی جی خان میں کیمپ کا انعقاد

سپیشلسٹس کی خصوصی ٹیم نے کوہ سلیمان قبائلی علاقہ میں 200 سے زائد مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی گئیں

دو مریضوں میں معدے کی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود کی ہدایت پر علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال ڈی جی خان کے سپیشلسٹس کی خصوصی ٹیم کی جانب سے خناق (Diphtheria) بیماری سے متعلق ڈی جی خان کے دور دراز کوہ سلیمان و دیگر قبائلی علاقہ جات میں کامیاب کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ طبی ٹیم کی سربراہی ایم ایس نے کی۔ سپیشلسٹس کی خصوصی ٹیم نے کوہ سلیمان قبائلی علاقہ میں 200 سے زائد مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ سروے کے مطابق طبی کیمپ کے دوران مریضوں کی زیادہ تر تعداد موسمی بیماریوں کا شکار ہے۔ مریضوں میں نمونیا، ٹنسلیٹس، فارنجائٹس اور سردی لگنے سے انفیکشن کی شکایات دیکھنے میں آئی ہیں۔ دو مریضوں میں معدے کی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب ڈی جی خان کے دور دراز کوہ سلیمان و دیگر قبائلی علاقہ جات میں مستقل ہیلتھ کیئر سہولیات فراہم کرے گی۔ ڈی جی خان کے دور دراز علاقہ جات میں ویکسی نیشن و دیگر حفاظتی اقدامات بارے آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی۔ کوہ سلیمان قبائلی علاقہ میں صحت کی بہترین سہولیات فراہم کریں گے

صوبائی وزیر صحت کا عمرہ کے حصول کی خاطر گردن توڑ بخار کی ویکسین کی عدم دستیابی پر ٹیلی فونک رابطہ

اس حوالہ سے سی ای او ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان اور ڈاکٹر مختار بارتھ سے مکمل کوارڈی نیشن میں ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان ڈاکٹر عاصم رؤف سے پنجاب میں عمرہ کے حصول کی خاطر گردن توڑ بخار کی ویکسین کی عدم دستیابی کا معاملہ پر ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور ڈاکٹر عاصم رؤف کے درمیان پنجاب میں گردن توڑ بخار کی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنانے پر تبادلہ خیال ہوا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں عمرہ کیلئے جانے والے افراد کی سہولت کی خاطر گردن توڑ بخار کی ویکسین کا مسئلہ آئندہ دو روز میں حل کر لیا جائے گا۔ اس حوالہ سے سی ای او ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان اور ڈاکٹر مختار بارتھ سے مکمل کوارڈی نیشن میں ہیں اور آئندہ دونوں میں گردن توڑ بخار کی ویکسین کی سپلائی چین بحال ہو جائے گی۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ گردن توڑ بخار کی ویکسین کا وافر سٹاک اس وقت پنجاب کی مارکیٹس میں دستیاب ہے۔ پنجاب کی عوام کی سہولت کیلئے ذاتی کاوش پر ڈاکٹر عاصم رؤف اور ڈاکٹر مختار بارتھ کے شکر گزار ہیں۔

لاہور: کمشنر لاہور کا یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پیغام

بھارت کے ظلم و جبر سے کشمیری جلد نجات پائیں گے۔ ظلم کی رات ختم ہو کر رہتی ہے

کمشنر لاہور پوری قوم نہتے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے: زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی پر سلام پیش کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پوری قوم نہتے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے، آزادی جیسی نعمت عظیم سے کشمیری آج بھی محروم ہیں، بھارت کے ظلم و جبر سے کشمیری جلد نجات پائیں گے، ظلم کی رات ختم ہو کر رہتی ہے، اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں اقوام عالم کشمیریوں کا حق دلانے کے لئے اپنا کردار ادا کرے، دنیا کی کوئی طاقت کشمیریوں کو ان کے حق خود ارادیت سے محروم نہیں کر سکتی، مقبوضہ کشمیر میں غلامی کی زنجیریں ضرور ٹوٹیں گی اور کشمیر کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا، کشمیری عوام جلد اپنی منزل پائیں گے، قوم بہادر کشمیریوں کو ان کی جدوجہد آزادی پر سلام پیش کرتی ہے۔

لاہور: جامع القدس چوک گلگراں میں جماعت اہلحدیث پاکستان کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی کی قیادت حافظ عبدالغفور روپڑی، حافظ عبدالوحید روپڑی، حافظ شکیل الرحمن ناصر، مفتی عاشق حسین، قاری فیاض، حافظ عبداللطیف کر رہے ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)6فروری 2025ء

جماعت اسلامی اور مرکزی مسلم لیگ دیپالپور کے زیراہتمام ریلیاں نکالی گئیں

ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر، سی او فاروق ارشاد کلاسن، صدر پریس حاجی محمد اشفاق چوہدری نے کی



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (ر)، میونسپل کمیٹی، جماعت اسلامی اور مرکزی مسلم لیگ دیپالپور کے زیر اہتمام ریلیاں نکالی گئیں، ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر، سی او فاروق ارشاد کلاسن، صدر پریس حاجی محمد اشفاق چوہدری، امیر جماعت اسلامی زون 189 میاں رفیع سکھیرا ایڈووکیٹ، اور مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے انجینئر محمد عمران ضلعی جنرل سیکرٹری نے کی، ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور محمد نعیم بشیر، سی او فاروق ارشاد کلاسن، ہیڈ کلرک حاجی محمد نواز، میاں نعیم احمد بھٹہ ضلعی رہنما لیپکا، حاجی محمد صابر، سیکرٹری بار شاہد پیرزادہ، سابق صدر یاسر الطاف حسین ایڈووکیٹ، دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں کے عہدیداران و ممبران جن میں جنرل سیکرٹری پریس کلب مرزا فاروق احمد سلفی، صدر الیکٹرانک میڈیا چوہدری مجاہد محمود، نائب صدر میاں نسیم وٹو، جماعت اسلامی کے کارکنان، نائب امیر ضلع میاں سلیم طاہر جوئیہ، قیم جماعت اسلامی محمد یوسف بھٹی، امیر شہر چوہدری اسلام زکی، رہنما جماعت اسلامی امجد علی مغل، صدر شہر رضوان سکھیرا ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی یوتھ سیفی سیف سکھیرا اویس صدر جماعت اسلامی یوتھ، مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی رہنما میاں شہزاد احمد ڈولہ، تحصیل رہنما میاں جاوید وٹو، کے علاوہ وکلا، صحافیوں، تاجروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور حلقہ خواتین جماعت اسلامی نے بھی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ریلی میں بھرپور شرکت کی اور ریلی دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں میونسپل کمیٹی سے ہوتی ہوئی مدینہ چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی گئی اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام سات دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا شکار ہیں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود انہیں ان کا حق خودارادیت نہیں دیا جارہا۔

دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء کا تعزیتی اجلاس

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت حاجی محمد اشفاق چوہدری بمقام شاکر حسین شاہ رضوی حال دیپالپور انعقاد پذیر ہوا، جس میں ممبر امن کمیٹی اوکاڑہ مولانا ظفر اللہ قمر لکھوی (رحمہ اللہ علیہ) ناظم جامع محمدیہ اوکاڑہ کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ غم کا اظہار کیا گیا اور مولانا ظفر اللہ قمر لکھوی (رحمہ اللہ علیہ) کی لازوال دینی و سماجی خدمات پر ان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا، درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت بھی کی گئی تعزیتی اجلاس میں ممبران و عہدیداران جن میں صدر حاجی محمد اشفاق چوہدری سینئر نائب صدر محمد امجد مغل، نائب صدر میاں نسیم احمد وٹو، نائب صدر دوم ڈاکٹر محمد ناصر، جنرل سیکرٹری مرزا فاروق احمد سلفی، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر مبشر افتخار چوہدری، سیکرٹری انفارمیشن ریاض حسین پنوار، فنانس سیکرٹری حافظ حکیم عبدالرزاق کھوکھر، انچارج آفس مہر بشارت علی اور عہدیداران الیکٹرانک میڈیا سرپرست سید محمد حسن شاہ و دیگر کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جماعت اہل پاکستان میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ اور مقام مصطفیٰ کے تحفظ کیلئے سرگرم عمل ہے

تحریک ختم نبوت تک ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے: علامہ حافظ فاروق احمد خان



عارفوالا (نامہ نگار) جماعت اہل پاکستان میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ اور مقام مصطفیٰ کے تحفظ کیلئے سرگرم عمل ہے علماء و مشائخ اہل سنت نے تحریک پاکستان سے لے کر تحریک ختم نبوت تک ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے عقیدہ ختم نبوت ہمارے دین و ایمان کا مس رلہ ہے اس پر کسی قسم کا مجھوتہ ناقابل تصور ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اہل سنت پاکستان کے صوبائی ناظم اعلیٰ خطیب پاکستان علامہ حافظ فاروق احمد خان سعیدی نے بہاول پور کے تنظیمی دورہ کے موقع پر صوبائی ممبر مجلس عاملہ جماعت اہل سنت پاکستان پنجاب علامہ محمد عبدالغفور سعیدی کی رہائش گاہ سٹیٹ گارڈن ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ علامہ فاروق احمد خان سعیدی نے مزید کہا کہ اس وقت اہل سنت میں جو فکری انتشار پھیلایا جارہا ہے اس کے سد باب کیلئے جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی امیر ہمارے روحانی پیشوا حضرت علامہ پروفیسر سید مظہر سعید کاظمی دامت برکاتہم العالیہ علماء و مشائخ کی مشاورت سے عقائد و نظریات کے حوالے سے ایک اعلامیہ مرتب فرمارہے ہیں اس اعلامیے کو جید علماء کرام کے اتفاق سے جماعت اہل سنت پاکستان کی طرف سے مشتہر کیا جاءیگا اس اعلامیے سے فکری و نظری انتشار پھیلانے والے گستاخان صحابہ و گستاخان اہل بیت کا قلعہ قمع ہو جاءیگا

ملک بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں بھی یوم یکجہتی کشمیر کی تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا

یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مرکزی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ملک بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں بھی یوم یکجہتی کشمیر کی تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مرکزی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس، ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف پڈھیار، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ضلعی افسران، سیاسی رہنماوں، سکھ کمیونٹی، صحافی برادری، علماء اکرام سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تقریب کے دوران سکول کے بچوں نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے تقاریر، ملی نغمے اور ٹیبلوز پیش کیے۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الٰہی پڈھیار نے کہا کہ نہتے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی لمبی تاریخ رقم ہو چکی ہے، کشمیر پاکستان کے جسم کا اہم حصہ ہے، کشمیر کے لیے پیار، محبت اور ہمدردی دل سے کوئی بھی نہیں نکال سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کو عالمی امن کیلئے کشمیر اور فلسطین کے مسئلے سے گریزاں نہیں کرنا چاہیے، بھارتی غاصب حکمرانوں کی چالاکیاں اب کھل کر سامنے آچکی ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ننکانہ صاحب سید ندیم عباس نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام کسی صورت کشمیر کی آزادی کے مطالبے سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی، بلاشبہ کشمیر سیاسی اور قومی اعتبار سے پاکستان کی شہ رگ ہے، ہمارے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستان کا ہر بچہ بچہ کشمیر اور فلسطین کی آزادی کیلئے دعا گو ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے مقبوضہ کشمیر میں تمام مظالم کی انتہا کر دی ہے، لاکھوں کشمیریوں کے خون سے آزادی کی تاریخ لکھی جاچکی ہے۔

سڑک پر اپنی لین میں رہیں بار بار اپنی لین تبدیل نہ کریں: فیصل شہزاد

کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایت پر ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ نے عوام الناس کو ٹریفک شعور کے بارے آگاہی لیکچر دیا جس میں شرکاء کو بریف کیا گیا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں دوران موٹر سائیکل ڈرائیونگ ہیلمٹ کا استعمال کریں۔ کیونکہ یہ آپ کو ایکسیڈنٹ کی صورت میں جان لیوا چوٹ سے بچاتا۔ اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل نہ دیں کیونکہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانا قانونی طور پر جرم ہے۔ مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں ٹریفک سگنلز کی پاسداری کریں۔ سڑک پر اپنی لین میں رہیں بار بار اپنی لین تبدیل نہ کریں۔ کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی آپ کی محفوظ ڈرائیونگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔ خصوصی طور پر پتنگ بازی کے متعلق DPO سیالکوٹ کا میسج دیا گیا کہ وہ اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے باز رکھیں ورنہ سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر لائل پور میوز یم فیصل آباد میں ریلی نکالی گئی

ریلی میں خصوصی طور پر خیبر پختونخواہ سے آنے والے مختلف سرکاری اداروں کے آفیسرز بھی شریک ہوئے



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر لائل پور میوز یم فیصل آباد میں ریلی نکالی گئی جس میں خیبر پختونخواہ سے آنے والے مختلف سرکاری اداروں کے آفیسرز بھی شریک ہوئے۔ ریلی کی قیادت ڈائریکٹر لائل پور میوز یم عمران رضا نے کی جس میں میوز یم آفیسرز اور دیگر عملے کے ساتھ خیبر پختونخواہ سے سرکاری دورے پر آنے والے آفیسرز بھی شامل تھے۔ شرکاء نے کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے لگائے اس موقع پر ڈائریکٹر لائل پور میوز یم عمران رضا کا کہنا تھا کہ ہم آج کے دن کشمیریوں کو یہی پیغام دینے نکلے ہیں کہ ہر محاظ میں ہم ان کے ساتھ ہے آج کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن ہے کشمیری 77 برس سے آزدی کی جنگ لڑ رہے ہیں لیکن آج بھی ان کا جذبہ حریت ماند نہی پڑا ہمیں یقین ہے کشمیری بہت جلد آزادی کا سورج طلوع ہوتا دیکھیں گے۔ میوز یم فیلڈ آفیسر شہناز محمود نے کشمیریوں کے جدوجہد آزادی کو سلام پیش کیا ان کا کہنا تھا کہ ہم کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ ہیں اور نعرہ الحاق بلند رکھے ہوئے ہیں ہم کشمیر کی آزادی کا مقدمہ اقوام متحدہ کے سامنے رکھتے ہیں کشمیر کی آزادی تک احتجاج کا سلسلہ بھی جاری رہے گا۔

دی سکلز سکول نارنگ کا افتتاح، حافظ طاہر نے فیتہ کاٹا اور دعا کی

ہمارا مشن علاقے میں معیاری اور جدید تعلیم کی فراہمی کیلئے اقدامات کرنا ہے: فیضان اقبال



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) دی سکلز سکول نارنگ کا افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں معززین علاقہ اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی مذہبی شخصیت حافظ طاہر محمود آف چک دھیدو نے فیتہ کاٹ کر دعائی پرنسپل فیضان اقبال بھٹہ اور وائس پرنسپل مسز اسفر اقبال بھٹہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد معروف ماہر تعلیم ایم اقبال بھٹہ مرحوم کے مشن کو آگے لے کر چلنا اور علاقے میں معیاری تعلیم کو فروغ دینا ہے ماہرین تعلیم کی زیر نگرانی جدید اور معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہوگی ہمارا پہلا پلان بچوں میں نئی تخلیق بیدار کرنا ہے تاکہ تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم غیر نصابی سرگرمیوں کو فروغ دے کر ان میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لایا جاسکے یہ علاقے کا بہترین اور معیاری تعلیمی ادارہ ثابت ہوگا حافظ طاہر محمود و دیگر مہمانوں کا کہنا تھا کہ امید کرتے ہیں کہ دی سکلز سکول بہترین قابلیت اور جدید معیاری تعلیم کے زریعے نئی نسل کو پروان چڑھانے کا وعدہ ہے کہ اللہ کریم ادارے کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائیں۔

بہترین مستقبل کا خواب نوجوانوں کو لے ڈوبا

اٹلی جانے کے خواہش چار نوجوان ایران میں اغوء کاروں کے ہتھے چڑھ گئے

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) بہترین مستقبل کا خواب نوجوانوں کو لے ڈوبا اٹلی جانے کے خواہش چار نوجوان ایران میں اغوء کاروں کے ہتھے چڑھ گئے اغواء کاروں نے نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا ویڈیوز بنا کر لواحقین کو بھیج دیں اغواء ہونے والے نوجوانوں کا تعلق لاہور قصور اور چنیاں سے ہے انسانی سمگلروں کا تعلق گوجرانوالہ قصور اور شیخوپورہ سے ہے انسانی سمگلروں نے نوجوانوں کو ایران میں اغواء کاروں کو بیچ دیا اغواء ہونے والے نوجوانوں میں ارسلان، سہیل، خرم اور مصطفیٰ شامل ہیں ارسلان اور سہیل کا تعلق کوٹ رادھا کشن سے ہے خرم نامی نوجوان رائیونڈ کا رہنے والا ہے اغواء ہونے والے نوجوان مصطفیٰ کا تعلق چنیاں سے ہے اغواء ہونے والے نوجوان سہیل، خرم اور ارسلان اپیس میں کرنجیں چاروں نوجوانوں نے انسانی سمگلروں کو 32 لاکھ فی کس کے حساب سے دیا انسانی سمگلروں نے نوجوانوں سے اٹلی جانے کے لیے پیسے لئے چاروں نوجوانوں کو ایران کے شہر تہران میں اغواء کیا گیا اغواء کاروں نے تشدد کا شکار چاروں نوجوانوں کی ویڈیو بنا کر لواحقین کو بھیج دی اغواء کاروں کو بہن بھائیوں کی کوریہنہ ہاتھ میں دھکیا گیا ہے۔

ریلوے اسٹیشن جہلم کا پلیٹ فارم کا فرش جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا

جہلم (بیورو رپورٹ)۔ وطن عزیز پاکستان کا تاریخی و قدم ترین ریلوے اسٹیشن جہلم کا پلیٹ فارم کا فرش جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے شہریوں نے ڈی ایس ریلوے راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ جہلم ریلوے اسٹیشن کے رنگ روغن اور مرمت کا کام کروایا جائے تاکہ قومی اثاثے کو محفوظ بنایا جاسکے

مصطفیٰ آباد: گزشتہ چھ سالوں سے کشمیر میں لگایا گیا کرفیو دنیا کا طویل ترین کرفیو بن چکا ہے: محمد عمران سلفی

صحافتی و سیاسی شخصیات کی شرکت، کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پریس کلب میں یکجہتی کشمیر سیمینار/ ریلی، صدر قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، صحافتی و سیاسی شخصیات کی شرکت، کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے، صدر عطا محمد قصوری کی زیر صدارت کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ سیمینار صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد محمد عمران سلفی، حاجی ملک محمد آصف اور پیٹرن ایجنٹ پروفیسر ڈاکٹر یوسف آرائیں سلیم اللہ باجوہ کی زیر نگرانی سیمینار میں صدر قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف کھوکھر، سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم ڈی، جنرل سیکرٹری انجمن تاجران قصور آصف کھوکھر، جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن چائنہ غلام ربانی خان، صدر پریس کلب راجہ جنگ رانا زاہد عمران خاں، حکیم عبدالقیوم، چیمبر مین پریس کلب قصور الحاج شوکت نقشبندی، گروپ لیڈر محمد افضل انصاری، آزاد الیکٹرونک میڈیا پریس کلب کے مہر عبدالرحمن، اطہر سلیم قصوری، سجاد انصاری، قاری آصف عثمانی، میاں کاشف، میاں عمران شہزاد انصاری، عرفان قصوری، ڈاکٹر لیاقت انصاری، بنگ آف قصور سمیع اللہ جٹ، شفیق احمد بھٹی، فیض آرائیں، اختر قصوری، جنرل سیکرٹری مصطفیٰ آباد پریس کلب بابا طارق مقبول، عمر شاہین سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی، آخر میں قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب سے مین فیروز پور روڈ چوک تک یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی، عطاء محمد قصوری نے کہا کہ ہم کشمیری بھائیوں کیساتھ کھڑے ہیں، کشمیر کی آزادی تک ہم اپنی جدوجہد اور انکی حمایت جاری رکھیں گے، صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں پر مظالم کا سلسلہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج کے ناجائز قبضہ سے شروع ہو گیا تھا، ان مظالم کا سلسلہ گزشتہ 77 سال سے جاری ہے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں ہو رہا، جبکہ گزشتہ چھ سالوں سے کشمیر میں لگایا گیا کرفیو دنیا کا طویل ترین کرفیو بن چکا ہے، کشمیری ہزاروں قربانیاں دینے کے باوجود آج بھی پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کر رہے ہیں۔

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر ریلی و سیمینار کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ریلی کی قیادت کی، سی او ایجوکیشن ناصر عزیز، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز سید منور شاہ کی شرکت



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام یکجہتی کشمیر ریلی و سیمینار کا انعقاد، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ریلی کی قیادت کی، سی او ایجوکیشن ناصر عزیز، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز سید منور شاہ، سی او زایم سیز و ضلع کونسل مظفر بیگ، محمد فیاض، محکمہ ایجوکیشن افسران، سول سوسائٹی، طلباء، اساتذہ کرام، معلمات، پریس، ہیڈ ٹیچرز، ملازمین بھی ریلی و سیمینار میں شریک ہوئے، شرکاء کے کشمیری پرچم اٹھا کر "کشمیر بنے گا پاکستان" کے نعرے لگائے، ریلی کے اختتام پر قائداعظم اکیڈمی میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا، سیمینار میں طلباء نے کشمیر کے حوالے سے تقریر ملی نغمے پیش کیے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا کہنا تھا کہ پوری قوم کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے مطالبہ کے ساتھ کھڑی ہے، انکا کہنا تھا کہ بھارت غاصبانہ طریقے سے کشمیر پر قبضہ جمائے ہوئے ہے، اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر حل ہونا چاہیے، آخر میں انکا کہنا تھا کہ کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے آج پوری قوم انکے ساتھ کھڑی ہے۔

فوڈ سیفٹی ٹیم کا قلعہ دیدار سنگھ میں شادی ہال پر چھاپہ، 2300 لٹر جعلی ڈرنکس برآمد

جعلی و مضر صحت مشروبات سمیت دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری اور فروخت کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) فوڈ سیفٹی ٹیم کا قلعہ دیدار سنگھ میں شادی ہال پر چھاپہ۔ 2300 لٹر مختلف برانڈ کی جعلی کاربونیٹڈ ڈرنکس برآمد ہونے پر بھاری جرمانہ عائد۔ جبکہ تمام جعلی کاربونیٹڈ ڈرنکس کو قبضہ میں لیکر تلف کر دیا گیا ہے فوڈ سیفٹی ٹیم انچارج میڈم صدف ذوالفقار کا کہنا ہے کہ جعلی و مضر صحت مشروبات سمیت دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری اور فروخت کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں جو شہریوں کی صحت سے کھیل کر دولت 'ہوس کے پجاری بنے ہوئے ہیں۔ ایسے افراد کسی بھی طرح محکمانہ کارروائی و قانونی سزا سے معافی کے مستحق نہیں۔ فوڈ اتھارٹی ٹیم انچارج میڈم صدف ذوالفقار نے مزید کہا کہ شہریوں کا بھی فرض ہے کہ وہ ایسے گھناؤنے کاروبار کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کیلئے نشاندہی کریں تاکہ شہریوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور قیمتی جانوں کو تحفظ حاصل ہو سکے۔

کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے اظہار یکجہتی کشمیر احتجاجی ریلی کی قیادت کی

جلد بھارتی تسلط سے جلد آزاد ہوگا، کشمیری عوام کے دل پاکستانیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اظہار یکجہتی کشمیر احتجاجی ریلی کی قیادت کی اور انہوں نے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ کشمیر کی آزادی تک اور ان کے حق خود ارادیت ملنے تک پاکستان کی پوری قوم ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مزید کہا کہ کشمیر بھارتی تسلط سے جلد آزاد ہوگا، کشمیری عوام کے دل پاکستانیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن، بھائیوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر صحیح آواز بلند کرتی رہے گی ضلعی انتظامیہ نے یوم کشمیر کے موقع پر اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیریوں کا استحصال اور غیر قانونی محاصرہ آزادی کو روک نہیں سکتا، کشمیریوں کو حق خود ارادیت نہ دینا غیر قانونی اور سیاہ اقدام ہے اور کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیریوں کی جدوجہد کا امین ہے۔ مظلوم کشمیری عوام پر ظلم و جبر کی جو بربریت جاری ہے اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ کشمیری عوام خود کو اکیلا نہ سمجھیں ہم سب ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ آج پوری قوم کشمیری بہن بھائیوں سے یکجہتی کی تجدید کرتی ہے اور ہر پاکستانی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

چنیوٹ میں پانچ فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مختلف سیاسی و دینی جماعتوں کی طرف سے ریلیاں نکالی گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں پانچ فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مختلف سیاسی و دینی جماعتوں کی طرف سے ریلیاں نکالی گئیں تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی دفتر جھنگ روڈ جامع مسجد اقصیٰ سے سینکڑوں کارکنوں نے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ضلعی امیر جماعت اسلامی چنیوٹ میاں عبدالقیوم منہجرا کی قیادت میں ریلی نکالی ریلی جھنگ روڈ سے شروع ہو کر ڈی سی آفس کے سامنے جا کر اختتام پذیر ہوگی علاوہ ازیں جامع مسجد صدیق اکبر محلہ گڑھا چنیوٹ سے بھی کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر بہت بڑی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ایم پی اے مولانا محمد الیاس چنیوٹی جمعیت علما اسلام کے ضلعی صدر مہر تنویر الحق معروف عالم دین مولانا خلیل احمد اشرفی، مولانا قاری طاہر رشید، چوہدری سعید احمد سمیت دیگر علما کرام نے شرکت کی ریلی مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی ختم نبوت چوک میں جا کر اختتام پذیر ہوگئی۔

ملک بھر کی طرح جہلم میں بھی یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے سے منایا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) ملک بھر کی طرح جہلم میں بھی یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبے سے منایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر میثم عباس اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی، ریلی میں شہریوں کی بھرپور شرکت۔ ضلع کچہری سے پریس کلب تک ریلی، نکالی گئی فضاء کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں سے گونج اٹھی۔ ریلی کے شرکاء کا کشمیری عوام کے حق میں زبردست نعرے بازی، آزادی حق میں آواز بلند۔ ضلعی افسران، سول سوسائٹی، تاجران، طلبہ اور میڈیا کی ریلی میں شرکت۔ پر کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے۔ کشمیری عوام کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ ظلم کی سیاہ رات جلد ختم ہوگی، کشمیری عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتے دیکھیں گے ہم۔ کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں، آزادی تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔ کشمیر کی آزادی تک ان کی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔ ضلعی انتظامیہ کا ضلع بھر میں کشمیری عوام کے ساتھ ہیں

تعلیمی اداروں میں ویپ اور نکوٹین پاوچز پر مکمل پابندی کا خیر مقدم

ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں نکوٹین اور تمباکو پر مبنی مصنوعات پر پابندی ہونی چاہیئے: ذیشان دانش

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کولیشن فار ٹوبیکو کنٹرول پاکستان پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں ویپ اور نکوٹین پاوچز پر مکمل پابندی کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ذیشان دانش، ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں نکوٹین اور تمباکو پر مبنی مصنوعات پر پابندی ہونی چاہیئے، وفاق اور دیگر صوبے بھی پنجاب کی تقلید کریں۔ ڈاکٹر عابد علی عابد تفصیلات کے مطابق کولیشن فار ٹوبیکو کنٹرول پاکستان (سی ٹی سی پاک) قومی سطح پر ایک سو سے زائد سول سوسائٹی آرگنائزیشن کا اتحاد ہے، سی ٹی سی پاک پنجاب بھر میں ویپ، ای-سگریٹ، ہیٹڈ ٹوبیکو پراڈکٹس اور نکوٹین پاوچز پر پابندی کا خیر مقدم کرتا ہے، پنجاب حکومت اور سول سوسائٹی کی یہ کاوش قابل تحسین ہے، اس کا اطلاق ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں ہونا چاہیئے، سی ٹی سی پاک اس بات کا مطالبہ کرتی ہے کہ وفاق اور دیگر صوبے بھی اس پابندی کا اطلاق اپنے اپنے تعلیمی اداروں میں کریں تاکہ پاکستان کا مستقبل اور ہماری نوجوان نسل ٹوبیکو انڈسٹری کے چنگل سے بچ سکے۔ پنجاب حکومت نے یہ پابندی اس وقت لگائی ہے جب لاہور میں ایک بڑی ویپ ایکسپو ہونے جارہی ہے، صوبائی حکومت کا یہ عمل اس ایکسپو کے لئے بھی بڑا جھٹکا ثابت ہوگا۔ شہری اجتماعی ترقیاتی کونسل کے جنرل سیکرٹری حسن اکمل ایڈووکیٹ نے کہا کہ ٹوبیکو انڈسٹری اور اس کے فرنٹ گروپس ان نکوٹین مصنوعات کے بارے میں من گھڑت پراپیگنڈہ اور جھوٹی معلومات پھیلا رہا ہے جس سے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد اس جانب راغب ہو رہی ہے۔

یوم یکجہتی کشمیر بھرپور جوش و جذبے سے منایا گیا

سرکاری سطح پر اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ میر رومان خلیل کی قیادت میں کشمیری مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی



عارف والا (امیر احمد خان سے) ملک بھر کی طرح تحصیل عارف والا میں بھی آج 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر منایا جارہا ہے سرکاری سطح پر اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر بلدیہ میر رومان خلیل کی قیادت میں کشمیری مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی ریلی میں سابق چیئرمین بلدیہ سید محمد ہادی زیدی چیف آفیسر افضل زاہد میونسپل کمیٹی سمیت دیگر سرکاری محکموں کے افسران اہلکاران سکولوں کے بچوں تاجر برادری، سول سوسائٹی اور صحافیوں نے شرکت کی میونسپل کمیٹی سے نکالی جانے والی ریلی نے قبولہ بازار، جناح چوک اور دیگر بازاروں کا چکر لگایا، شرکاء کی جانب سے کشمیر بنے گا پاکستان سمیت کشمیری مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کے لئے بھرپور نعرہ بازی کی گئی

سردار سلیم حیدر مسلم لیگ یوتھ آرگنائزیشن کے سینئر نائب صدر مقرر

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست کو فروغ دیا، نومنتخب نائب صدر

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) سردار سلیم حیدر مسلم لیگ یوتھ آرگنائزیشن کے سینئر نائب صدر مقرر، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست کو فروغ دیا اظہار خیال تفصیلات کے مطابق دیپالپور کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار سلیم حیدر جٹ کو مسلم یوتھ آرگنائزیشن (MYO) پاکستان ضلع اوکاڑہ کا سینئر نائب صدر مقر

DAILY QUWAT
اداریہ ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

یومِ یکجہتی کشمیر اقوامِ متحدہ بے بس عالمی طاقتیں بے حس کیوں؟

مقبوضہ وادیٔ کشمیر میں گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے سے جاری بھارتی جبر و تسلط کے خلاف کشمیری عوام آج 5 فروری کو پاکستان، بھارت اور مقبوضہ وادی سمیت دنیا بھر میں یومِ یکجہتی کشمیر منا رہے ہیں۔ پاکستان میں ہر سال یہ دن سرکاری اور نجی سطح پر خصوصی اہتمام کے ساتھ منایا جاتا ہے جس کا مقصد بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد کرنے والے کشمیری بہنوں بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار اور ان پر بھارتی مظالم کی جانب اقوام عالم کی توجہ مرکوز کرانا ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر آج کے دن کی مناسبت سے خصوصی اشاعتوں اور پروگرامز کا اہتمام کیا گیا ہے جبکہ بیرون ملک قائم پاکستانی مشنز کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے خصوصی ریلیوں، جلسوں، سیمینارز اور تصویری نمائشوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ہر سال مقبوضہ وادی میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان کے ساتھ اظہارِ محبت کیا جاتا ہے اور آج بھی مقبوضہ وادی میں جوش و جذبے کے ساتھ پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے اظہار کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس بھارت نے نام نہاد یومِ جمہوریہ کے موقع پر کشمیریوں کا عرصہ حیات تنگ کرنے کے جن ریاستی ہتھکنڈوں کا آغاز کیا۔ ان کے تسلسل میں کوئی کمی نہیں آنے دی اور کالے قانون کے تحت کشمیریوں کے گھروں میں چھاپے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں جس کے دوران نہتے کشمیریوں کو بے دریغ گولیوں کا نشانہ بھی بنایا جا رہا ہے۔ آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما غلام احمد گلزار کے بقول بھارتی حکومت مسلمانوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے اور ہندو جنونیوں کو ان کی جگہ آباد کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے بھرپور اظہار کے لیے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے 1975 میں اپنے دور حکومت میں یہ پر عزم دن منانے کا آغاز اس نام نہاد معاہدہ کشمیر کخلاف ملک گیر ہڑتال کی صورت میں کیا تھا جو اس وقت کے کٹھ پتلی وزیراعلیٰ شیخ عبداللہ نے اندرا گاندھی کے ساتھ طے پائے معاہدہ کشمیر کے تحت مقبوضہ کشمیر کی اسمبلی میں پیش کیا تھا، بعد ازاں باضابطہ طور پر یوم یکجہتی کشمیر منانے کا سلسلہ بے نظیر بھٹو کی وزارتِ عظمیٰ کے دور میں 5 فروری 1990 کو امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد کی اپیل پر شروع ہوا جسے حکومت نے اپنی کشمیر پالیسی کا حصہ بنایا چنانچہ اب ہر سال حکومت کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر منایا جاتا ہے جس میں قومی سیاسی جماعتوں سمیت پوری قوم شریک ہو کر غاصب بھارت کو یہ ٹھوس پیغام دیتی ہے کہ کشمیر پر اس کا تسلط بزور قائم نہیں رہ سکتا اور یو این قراردادوں کی روشنی میں استصواب کے ذریعے کشمیری عوام نے بالآخر خود ہی اپنے مستقبل کا تعین کرنا ہے۔ کشمیر کاز کے ساتھ نوائے وقت ہمیشہ سے وابستہ اور سرفہرست رہا ہے۔ مجید نظامی صاحب اپنی زندگی کے آخری سانس تک اپنے اس عہد پر کاربند رہے کہ کشمیر تب جائیں گے جب یہ ڈنکن کے پنجہ استبداد سے آزاد ہو جائے گا۔ نوائے وقت کشمیریوں کے ساتھ سدا یکجہت اور جزا رہا ہے۔ مجید نظامی کشمیر کاز کے لیے مشن کو جہاں پہ چھوڑ کے گئے تھے اس کے بعد اس کو مزید آگے بڑھایا گیا ہے۔ پانچ اگست 2019 کو مودی سرکار کی طرف سے کشمیر اور کشمیریوں پر جو شب خون مارا گیا تھا۔ اس کے بعد سے بھارت کے کشمیریوں پر مظالم آشکار کرنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اشتہار کا سلسلہ جاری ہے۔ جس کے مطابق بھارت کے کشمیریوں پر جبر کے آج 2009 دن ہو گئے ہیں۔ یہ امر واقعہ ہے کہ کشمیری عوام نے گزشتہ 77 سال سے زائد عرصہ سے غاصب اور ظالم بھارتی فوجیوں اور دوسری سیکورٹی فورسز کے جبر و تشدد کو برداشت کرتے، ریاستی دہشت گردی کا سامنا کرتے اور متعصب بھارتی لیڈران کے مکر و فریب کا مقابلہ کرتے ہوئے جس صبر و استقامت کے ساتھ اپنی آزادی کی جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے، اس کی پوری دنیا میں کوئی مثال موجود نہیں۔ اس خطہ ارضی پر آزادی کی کوئی تحریک نہ اتنی دیر تک چل پائی ہے، نہ آزادی کی کسی تحریک میں کشمیری عوام کی طرح لاکھوں شہادتوں کے نذرانے پیش کیے گئے ہیں اور نہ ہی آزادی کی کسی تحریک میں عفت مآب خواتین نے اپنی عصمتوں کی اتنی قربانیاں دی ہیں جتنی کشمیری خواتین اب تک ظالم بھارتی فورسز کے ہاتھوں لٹتے برباد ہوتے اپنی عصمتوں کی قربانیاں دے چکی ہیں۔ کشمیر کی آزادی کی تحریک انسانی تاریخ کی بے مثال تحریک ہے جس کی پاکستان کے ساتھ الحاق کے حوالے سے منزل بھی متعین ہے۔ اس تناظر میں کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی درحقیقت پاکستان کی تکمیل واستحکام کی جدوجہد ہے جس کا دامے درمے قدمے سخنے ہی نہیں، عملی ساتھ دینا بھی پاکستان کے حکمرانوں اور عوام کی بنیادی و اخلاقی ذمہ داری ہے۔ یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ تقسیم ہند کے ایجنڈے کے تحت مسلم اکثریتی آبادی کی بنیاد پر کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق ہونا تھا جبکہ بانی پاکستان قائداعظم نے کشمیر کی جغرافیائی اہمیت کے تناظر میں اسے پاکستان کی شہ رگ قرار دیا اور جب اس شہ رگ پر 1948 میں بھارت نے زبردستی اپنی فوجیں داخل کر کے تسلط جمایا تو قائداعظم نے افواج پاکستان کے اس وقت کے کمانڈر انچیف جنرل ڈگلس گریسی کو دشمن سے شہ رگ پاکستان کا قبضہ چھڑانے کے لیے کشمیر پر چڑھائی کا حکم بھی دیا۔ گریسی نے اس حکم پر عمل کیا ہوتا تو کشمیر کا مسئلہ کبھی پیدا ہی نہ ہوتا جبکہ بھارت نے کشمیر پر جبراً قبضہ جما کر وادیٔ کشمیر کو متنازعہ بنایا اور پھر خود ہی اس مسئلہ کے حل کے لیے اقوام متحدہ سے رجوع کر لیا۔ جس پر یو این جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل نے اپنی الگ الگ قراردادوں کے ذریعے کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو تسلیم کیا اور کشمیر میں استصواب کے اہتمام کا حکم دیا تو بھارت نے اپنے آئین میں ترمیم کر کے مقبوضہ وادی کو باقاعدہ اپنی ریاست کا درجہ دے دیا۔ بھارتی جبر کے آہنی ہتھکنڈوں نے کشمیر کی تحریک آزادی کو مہمیز دی اور آزادی کے لیے کشمیری عوام کی تڑپ کبھی سرد نہیں ہونے دی۔ وہ اپنی آزادی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے سمیت جو بھی ہو سکتا ہے، کر رہے ہیں۔ انھوں نے بھارتی تسلط کبھی قبول نہیں کیا۔ کشمیری عوام کسی ظلم، بربریت اور سفاکیت کو خاطر میں نہ لائے تو 5 اگست 2019 کو مودی سرکار نے شب خون مار کر کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر دی اور اسے بھارت میں ضم کر دیا جس کے بعد کشمیریوں کی آواز دبانے کیلئے مقبوضہ وادی میں مزید بھارتی فوج بھجوا کر کشمیریوں کو گھروں میں محصور کر دیا۔ آج مقبوضہ وادی میں بھارتی محاصرے کو 2009 دن گزر چکے ہیں مگر کشمیریوں کے پائے استقلال میں ہلکی سی بھی لرزش پیدا نہیں ہوئی۔

دہشتگردی کے سہولت کاروں کو کٹہرے میں لانے کا وقت

جب سے افغانستان میں طالبان کی حکومت قائم ہوئی ہے خیبر پختون خواہ اور بلوچستان میں دہشت گردی کے کاروائیوں میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ افغان حکومت کی ٹی ٹی پی کی بھرپور پشت پناہی اور افغانستان کے اندر سے سہولت کاری ہے جس کے ٹھوس ثبوت پاکستان متعدد بار افغان حکومت کے حوالے کر چکا ہے۔ اب تک افغان سرزمین پر ٹی ٹی پی کے 150 سے زائد دہشت گرد مارے جا چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کابل حکومت دہشت گردی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ اور اس کا ایک اور ثبوت افغان طالبان کے اعلیٰ عہدیدار کے بیٹے کی خوارج کے ساتھ ہلاکت کا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 30 جنوری 2025 کو افغان صوبہ ہلمند کے نائب گورنر مولوی غلام محمد کے بیٹے بدرالدین عرف یوسف سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہلاک ہونے والے 4 دہشت گردوں میں شامل تھا، وہ فتنۃ الخوارج (FAK) کے دہشت گردوں کے ساتھ مارا گیا۔ افغان نائب گورنر کے بیٹے یوسف کی ٹی ٹی پی دہشت گردوں کے ساتھ ہلاکت ثابت کرتی ہے کہ افغانستان کھلم کھلا پاکستان میں دہشت گردی کو سپورٹ کر رہا ہے۔ افغانستان میں ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروپس کو ٹریننگ، اسلحہ اور محفوظ پناہ گاہیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ یہ کھلی جارحیت ہے، جسے مزید برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ افغانستان میں موجود دہشت گرد گروپس نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں۔ کابل حکومت نے ان گروہوں کو تحفظ دے کر علاقے کے امن اور تحفظ کو شدید خطرات سے لاحق کر دیا ہے۔ پاکستان کے موقف کی مزید تصدیق تازہ ترین امریکی خصوصی انسپکٹر جنرل برائے افغانستان تعمیر نو (SIGAR) نے 30 جنوری 2025 کو جاری ہونے والی اپنی سہ ماہی رپورٹ میں بھی کی ہے اس رپورٹ کے مطابق القاعدہ اور ٹی ٹی پی کو افغان حکومت پورا تحفظ فراہم کر رہی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ طالبان کو اربوں ڈالر کی فنڈنگ کا کوئی قانونی حق نہیں ہے۔ طالبان کے اقدامات واضح دوہرے معیار کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایک طرف وہ (K-ISIS) Khorasan-ISIS کے خلاف کارروائی کرتے ہیں، جبکہ دوسری طرف وہ القاعدہ اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) جیسے دہشت گرد گروپوں کی پشت پناہی کر رہے ہیں جو افغان سرزمین سے دہشت گردی کے خاتمے کی کوششوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ انسداد دہشت گردی کے لیے یہ منتخب طریقہ کار افغانستان میں انتہا پسندی اور تشدد کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کے لیے طالبان کے عزم کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ افغانستان حکومت کا یہ رویہ دہشت گردی کے پھیلاؤ میں مزید معاون ثابت ہو رہا ہے جہاں عسکریت پسند گروپوں کو ملک کے اندر پناہ گاہیں اور حمایت حاصل ہے، جس سے علاقائی استحکام کو خطرہ ہے۔ انہی وجوہات کی وجہ سے امریکہ کی طرف سے افغانستان کے لیے مختص تقریباً 4 بلین امریکی ڈالر کو روکنے کا فیصلہ ایک دانشمندانہ اقدام ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 13 لاکھ رجسٹرڈ مہاجرین ہیں اور مزید اٹھ لاکھ 80 ہزار افراد کو پاکستان میں رہنے کی قانونی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ 40 ہزار افغان باشندوں کی امریکہ میں ریسیٹلمنٹ باقی ہے۔ بڑھتی دہشت گردی، جرائم اور امیگریشن کے ناقص نظام کے باعث وسائل پر بوجھ ہے اس تمام صورتحال میں حکومت پاکستان کو نئی امریکن انتظامیہ کے ساتھ اس معاملے کو اٹھانا چاہیے پاکستان اور امریکن حکومت دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جنگ لڑتے رہے ہیں - پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف بے نظیر قربانیاں پیش کی ہیں جن کی تعداد 80 ہزار سے زائد ہو چکی ہے ان میں ہمارے بہادر سکیورٹی فورسز اہلکار اور بے گناہ شہری دونوں شامل ہیں اس کے علاوہ اقتصادی نقصان بھی کسی طور پر کم نہیں ہے جن کا



تخمینہ 150 ارب ڈالر سے زائد تک پہنچ چکا ہے ان تمام قربانیوں کے باوجود پاکستان کا عزم ہمیشہ کی طرح لازوال اور غیر متزلزل ہے۔ پاکستان کی یہ قربانیاں خطے اور عالمی کی امن کی خاطر اس کی ثابت قدمی کی ایک روشن دلیل ہے پاکستان کے خلاف جس طرح دہشت گرد تنظیمیں اور ان کے سہولت کار متحد ہو چکے ہیں یہ اس بات کی متقاضی ہے کہ پاکستان کی تمام سیاسی اور مذہبی جماعتیں کھل کر دہشت گرد قوتوں اور ان کے سہولت کاروں کو واضح طور پر یہ پیغام دیں کہ پاکستانی قوم اس معاملے میں پوری طرح متحد ہے اور پاکستان کو نقصان پہنچانے والی تمام قوتوں کو اپنی ہاتھوں سے نپٹا جائے گا ہماری مذہبی جماعتوں پر بالخصوص اس کی زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کیونکہ دہشت گرد مذہب کا نام لے کر بے گناہ لوگوں کا خون بہا رہے ہیں یہ کون سا اسلام ہے یہ کون سا مذہب ہے؟ جو اپنے ہی مسلمان بھائیوں کے خون بہانے کو جائز قرار دیتا ہے جبکہ دوسری طرف کفار مقبوضہ کشمیر اور فلسطین میں مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں یہ نام نہاد اسلام کے ٹھیکے داران کافروں کو خود کش دھماکوں سے کیوں نہیں اڑاتے؟ افغان حکومت دوحا معاہدے کی خلاف ورزی کر رہی ہے اور عالمی برادری سے کیے ہوئے اپنے وعدے کی پاسداری کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے لہٰذا اب وقت آگیا ہے کہ علاقے کے دوسرے ممالک چائنہ اور روس کو کھل کر پاکستان کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ متفقہ حکمت عملی کے تحت افغان حکومت کو اس بات پر قائل کیا جائے کہ وہ اپنی سرزمین دہشت گردی کے خلاف استعمال نہ ہونے دے اور دہشت گردی میں ملوث دہشت گردوں کو پاکستان کے حوالے کرے۔ دونوں ملکوں کا امن ترقی اور استحکام اس بات پر منحصر ہے کہ دہشت گردی کے اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑا جائے۔ تجارت اور باہمی تعلقات کو فروغ دینے پر اپنی تمام توانائیاں صرف کی جائیں تاکہ علاقے کی عوام کو غربت سے نکال کر امن خوشحالی اور ترقی کی طرف کی منزل کی طرف لے جایا جا سکے۔ جب سے افغانستان میں طالبان کی حکومت قائم ہوئی ہے خیبر پختون خواہ اور بلوچستان میں دہشت گردی کے کاروائیوں میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ افغان حکومت کی ٹی ٹی پی کی بھرپور پشت پناہی اور افغانستان کے اندر سے سہولت کاری ہے جس کے ٹھوس ثبوت پاکستان متعدد بار افغان حکومت کے حوالے کر چکا ہے۔ اب تک افغان سرزمین پر ٹی ٹی پی کے 150 سے زائد دہشت گرد مارے جا چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کابل حکومت دہشت گردی پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ اور اس کا ایک اور ثبوت افغان طالبان کے اعلیٰ عہدیدار کے بیٹے کی خوارج کے ساتھ ہلاکت کا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 30 جنوری 2025 کو افغان صوبہ ہلمند کے نائب گورنر مولوی غلام محمد کے بیٹے بدرالدین عرف یوسف سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہلاک ہونے والے 4 دہشت گردوں میں شامل تھا، وہ فتنۃ الخوارج (FAK) کے دہشت گردوں کے ساتھ مارا گیا۔ افغان نائب گورنر کے بیٹے یوسف کی ٹی ٹی پی دہشت گردوں کے ساتھ ہلاکت ثابت کرتی ہے کہ افغانستان کھلم کھلا پاکستان میں دہشت گردی کو سپورٹ کر رہا ہے۔ افغانستان میں ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروپس کو ٹریننگ، اسلحہ اور محفوظ پناہ گاہیں فراہم کی جا رہی ہیں۔ یہ کھلی جارحیت ہے، جسے مزید برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ افغانستان میں موجود دہشت گرد گروپس نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرہ ہیں۔ کابل حکومت نے ان گروہوں کو تحفظ دے کر علاقے کے امن اور تحفظ کو شدید خطرات سے لاحق کر دیا ہے۔ پاکستان کے موقف کی مزید تصدیق تازہ ترین امریکی خصوصی انسپکٹر جنرل برائے افغانستان تعمیر نو (SIGAR) نے 30 جنوری 2025 کو جاری ہونے والی اپنی سہ ماہی رپورٹ میں بھی کی ہے اس رپورٹ کے مطابق القاعدہ اور ٹی ٹی پی کو افغان حکومت پورا تحفظ فراہم کر رہی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ طالبان کو اربوں ڈالر کی فنڈنگ کا کوئی قانونی حق نہیں ہے۔ طالبان کے اقدامات واضح دوہرے معیار کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایک طرف وہ (K-ISIS) Khorasan-ISIS کے خلاف کارروائی کرتے ہیں، جبکہ دوسری طرف وہ القاعدہ اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) جیسے دہشت گرد گروپوں کی پشت پناہی کر رہے ہیں جو افغان سرزمین سے دہشت گردی کے خاتمے کی کوششوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ انسداد دہشت گردی کے لیے یہ منتخب طریقہ کار افغانستان میں انتہا پسندی اور تشدد کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کے لیے طالبان کے عزم کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ افغانستان حکومت کا یہ رویہ دہشت گردی کے پھیلاؤ میں مزید معاون ثابت ہو رہا ہے جہاں عسکریت پسند گروپوں کو ملک کے اندر پناہ گاہیں اور حمایت حاصل ہے، جس سے علاقائی استحکام کو خطرہ ہے۔ انہی وجوہات کی وجہ سے امریکہ کی طرف سے افغانستان کے لیے مختص تقریباً 4 بلین امریکی ڈالر کو روکنے کا فیصلہ ایک دانشمندانہ اقدام ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 13 لاکھ رجسٹرڈ مہاجرین ہیں اور مزید اٹھ لاکھ 80 ہزار افراد کو پاکستان میں رہنے کی قانونی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ 40 ہزار افغان باشندوں کی امریکہ میں ریسیٹلمنٹ باقی ہے۔ بڑھتی دہشت گردی، جرائم اور امیگریشن کے ناقص نظام کے باعث وسائل پر بوجھ ہے اس تمام صورتحال میں حکومت پاکستان کو نئی امریکن انتظامیہ کے ساتھ اس معاملے کو اٹھانا چاہیے پاکستان اور امریکن حکومت دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جنگ لڑتے رہے ہیں - پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف بے نظیر قربانیاں پیش کی ہیں جن کی تعداد 80 ہزار سے زائد ہو چکی ہے ان میں ہمارے بہادر سکیورٹی فورسز اہلکار اور بے گناہ شہری دونوں شامل ہیں اس کے علاوہ اقتصادی نقصان بھی کسی طور پر کم نہیں ہے جن کا تخمینہ 150 ارب ڈالر سے زائد تک پہنچ چکا ہے ان تمام قربانیوں کے باوجود پاکستان کا عزم ہمیشہ کی طرح لازوال اور غیر متزلزل ہے۔ پاکستان کی یہ قربانیاں خطے اور عالمی کی امن کی خاطر اس کی ثابت قدمی کی ایک روشن دلیل ہے پاکستان کے خلاف جس طرح دہشت گرد تنظیمیں اور ان کے سہولت کار متحد ہو چکے ہیں یہ اس بات کی متقاضی ہے کہ پاکستان کی تمام سیاسی اور مذہبی جماعتیں کھل کر دہشت گرد قوتوں اور ان کے سہولت کاروں کو واضح طور پر یہ پیغام دیں کہ پاکستانی قوم اس معاملے میں پوری طرح متحد ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے ججوں کی تعیناتی

سلطانی کا واحد مقصد رعایا کو پنجابی محاورے والی نتھ ڈال کر رکھنا ہے۔ مجھ جیسے سادہ لوح افراد کو مگر جوانی ہی سے بہت ہی زیادہ پڑھے لکھے صاحبان فہم یہ کہتے ہوئے سلطانوں سے پنگا لینے کے مشورے دیتے رہے کہ زمانہ بدل رہا ہے۔ رواں صدی کے آغاز میں انٹرنیٹ کی بدولت ٹویٹر، فیس بک اور یوٹیوب وغیرہ بھی ایجاد ہو گئے۔ وہ حقائق جو سرکار کی کڑی نگاہ تلے چلائے میڈیا میں بیان نہیں ہو سکتے تھے وہ ان پلیٹ فارموں کے ذریعے فی الفور عوام کے روبرو آ جاتے ہیں۔ فرض کر لیا گیا ہے کہ حقائق جان لینے کے سبب جو شعور ابھرا ہے وہ سلطانوں کو من مانی کرنے نہیں دیتا۔ میری بدقسمتی کہ آج سے تقریباً پانچ برس قبل زینب توفیقی کی لکھی ایک کتاب پڑھ لی۔ اس کتاب میں اس کتاب کا بار بار ذکر ہوا ہے۔ محض یاددہانی کے لیے بیان کر دیتا ہوں کہ زینب ترک ہے۔ صحافت کی تمنا اسے چین سے بیٹھنے نہیں دیتی تھی۔ ترکی میں لیکن اردوان نام کے بھی ایک سلطان ہیں۔ خود کو خلافت عثمانیہ کے احیا کی علامت تصور کرتے ہیں۔ صحافت کے چاؤ میں زینب مزید تعلیم حاصل کرنے امریکا آ گئی۔ وہاں پہنچی تو مصر میں عرب بہار شروع ہو چکی تھی۔ اس نے امریکی اخبارات سے رابطہ کیا۔ اپنے خرچ پر مصر پہنچی اور وہاں مظاہرین التحریر اسکوائر میں لگائے خیموں میں رہتے ہوئے عرب بہار کے نام پر ابھری تحریک کے کئی حیران کن پہلو ہم لوگوں کے سامنے لاتی رہی۔ ترک ہونے کی وجہ سے مصری ثقافت اس کے لیے اتنی بھی اجنبی نہیں تھی۔ عورت ہونے کی وجہ سے ہم کارکن صحافی پیکا ایکٹ کا اطلاق روکنے میں ناکام رہے۔ ناکام ہونے کے باوجود عدلیہ سے مرہم کی توقع باندھی جا رہی تھی۔ عدلیہ کا ذکر ہو تو اسلام آباد ہائی کورٹ ہی نگاہ میں آتا ہے۔ چند روز قبل کسی صحافی نے نہیں بلکہ صحافی سے وکیل ہوئے ایک صاحب نے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔ یہ سوال اٹھاتا



ہوں تو حقائق سمجھنے کے لیے میری رہ نمائی کے بجائے شکست خوردہ ہونے کے طعنے دیے جاتے ہیں۔ سیاست کی حرکیات و جدلیات کو 8 فروری 2024 جیسی انہونیوں سے مسحور ہو کر نظر انداز کرنے کی وجہ سے ہم کارکن صحافی پیکا ایکٹ کا اطلاق روکنے میں ناکام رہے۔ ناکام ہونے کے باوجود عدلیہ سے مرہم کی توقع باندھی جا رہی تھی۔ عدلیہ کا ذکر ہو تو اسلام آباد ہائی کورٹ ہی نگاہ میں آتا ہے۔ چند روز قبل کسی صحافی نے نہیں بلکہ صحافی سے وکیل ہوئے ایک صاحب نے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔ یہ سوال اٹھاتا ہوں تو حقائق سمجھنے کے لیے میری رہ نمائی کے بجائے شکست خوردہ ہونے کے طعنے دیے جاتے ہیں۔ سیاست کی حرکیات و جدلیات کو 8 فروری 2024 جیسی انہونیوں سے مسحور ہو کر نظر انداز کرنے کی وجہ سے ہم کارکن صحافی پیکا ایکٹ کا اطلاق روکنے میں ناکام رہے۔ ناکام ہونے کے باوجود عدلیہ سے مرہم کی توقع باندھی جا رہی تھی۔ عدلیہ کا ذکر ہو تو اسلام آباد ہائی کورٹ ہی نگاہ میں آتا ہے۔ چند روز قبل کسی صحافی نے نہیں بلکہ صحافی سے وکیل ہوئے ایک صاحب نے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔ سلطانی کا واحد مقصد رعایا کو پنجابی محاورے والی نتھ ڈال کر رکھنا ہے۔ مجھ جیسے سادہ لوح افراد کو مگر جوانی ہی سے بہت ہی زیادہ پڑھے لکھے صاحبان فہم یہ کہتے ہوئے سلطانوں سے پنگا لینے کے مشورے دیتے رہے کہ زمانہ بدل رہا ہے۔ رواں صدی کے آغاز میں انٹرنیٹ کی بدولت ٹویٹر، فیس بک اور یوٹیوب وغیرہ بھی ایجاد ہو گئے۔ وہ حقائق جو سرکار کی کڑی نگاہ تلے چلائے میڈیا میں بیان نہیں ہو سکتے تھے وہ ان پلیٹ فارموں کے ذریعے فی الفور عوام کے روبرو آ جاتے ہیں۔ فرض کر لیا گیا ہے کہ حقائق جان لینے کے سبب جو شعور ابھرا ہے وہ سلطانوں کو من مانی کرنے نہیں دیتا۔ میری بدقسمتی کہ آج سے تقریباً پانچ برس قبل زینب توفیقی کی لکھی ایک کتاب پڑھ لی۔ اس کتاب میں اس کتاب کا بار بار ذکر ہوا ہے۔ محض یاددہانی کے لیے بیان کر دیتا ہوں کہ زینب ترک ہے۔ صحافت کی تمنا اسے چین سے بیٹھنے نہیں دیتی تھی۔ ترکی میں لیکن اردوان نام کے بھی ایک سلطان ہیں۔ خود کو خلافت عثمانیہ کے احیا کی علامت تصور کرتے ہیں۔ صحافت کے چاؤ میں زینب مزید تعلیم حاصل کرنے امریکا آ گئی۔ وہاں پہنچی تو مصر میں عرب بہار شروع ہو چکی تھی۔ اس نے امریکی اخبارات سے رابطہ کیا۔ اپنے خرچ پر مصر پہنچی اور وہاں مظاہرین التحریر اسکوائر میں لگائے خیموں میں رہتے ہوئے عرب بہار کے نام پر ابھری تحریک کے کئی حیران کن پہلو ہم لوگوں کے سامنے لاتی رہی۔ ترک ہونے کی وجہ سے مصری ثقافت اس کے لیے اتنی بھی اجنبی نہیں تھی۔ عورت ہونے کی وجہ سے ہم کارکن صحافی پیکا ایکٹ کا اطلاق روکنے میں ناکام رہے۔ ناکام ہونے کے باوجود عدلیہ سے مرہم کی توقع باندھی جا رہی تھی۔ عدلیہ کا ذکر ہو تو اسلام آباد ہائی کورٹ ہی نگاہ میں آتا ہے۔ چند روز قبل کسی صحافی نے نہیں بلکہ صحافی سے وکیل ہوئے ایک صاحب نے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔

اپنی قیادت کے نامزد کردہ امیدواروں کو جنھیں آزاد ٹھہراتے ہوئے مختلف انتخابی نشان دیے گئے تھے موبائل فونوں کی مدد سے حیران کن ووٹوں کی حمایت سے قومی اور صوبائی اسمبلیوں تک پہنچایا تھا۔ دیانتداری سے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔ یہ سوال اٹھاتا ہوں تو حقائق سمجھنے کے لیے میری رہ نمائی کے بجائے شکست خوردہ ہونے کے طعنے دیے جاتے ہیں۔ سیاست کی حرکیات و جدلیات کو 8 فروری 2024 جیسی انہونیوں سے مسحور ہو کر نظر انداز کرنے کی وجہ سے ہم کارکن صحافی پیکا ایکٹ کا اطلاق روکنے میں ناکام رہے۔ ناکام ہونے کے باوجود عدلیہ سے مرہم کی توقع باندھی جا رہی تھی۔ عدلیہ کا ذکر ہو تو اسلام آباد ہائی کورٹ ہی نگاہ میں آتا ہے۔ چند روز قبل کسی صحافی نے نہیں بلکہ صحافی سے وکیل ہوئے ایک صاحب نے یہ بات تسلیم کرنے کے بعد میرا جھکی ذہن یہی سوال اٹھانے سے مگر باز نہیں رہتا کہ 8 فروری کی انہونی نے تحریک انصاف اور اس کے قائد کو ٹھوس سیاسی حوالے سے بالآخر فائدہ کیا پہنچایا ہے۔

مسٹر یوٹرن کا آرمی چیف کو خط

آسمان کا سورج کسی کا ساتھی نہیں، یہ سورج اسی کا ہے جو اسے سلام کرے۔ جو لوگ کہتے تھے شریف حکومت کا سورج ڈوب چکا وہ یہ بھی کہتے تھے کہ عید سے پہلے قربانی ہو گی، وزیراعظم کا استعفیٰ لئے بغیر گھر نہیں جائیں گے، سول نافرمانی کی تحریک زور پکڑ جائے گی، ٹیکو کریٹ حکومت بنائیں گے، امپائر بلائیں گے، نیا پاکستان بنائے بغیر شادی نہیں کریں گے، یہ کریں گے وہ کریں گے، یہ ہو گا وہ ہو گا۔ اور پھر اسی سورج نے دیکھا کہ مرشد کی دوسری شادی ہو گئی اور شریف حکومت جوں کی توں بیٹھی رہی۔ تکبر خدا کو پسند نہیں۔ بانی پی ٹی آئی اسی تنخواہ پر کام کرتے رہے۔ وزیراعظم نواز شریف بھی کرسی پر براجمان رہے بانی تحریک نے بجلی کا بل بھی ادا کر دیا۔ پاکستان بھی پرانا ہی رہا۔ نہ تبدیلی آئی نہ انقلاب رونما ہوا۔ البتہ تیسری شادی سے بانی میں رہی سہی عقل بھی رخصت ہونے لگی۔ یہ اقتدار کا سورج بڑا بے رحم ہوتا ہے۔ کال کوٹھڑی میں پھینکنے میں لمحہ نہیں لگتا۔ خان کو جھوٹ اور تکبر لے ڈوبا۔ ہر ڈھلتی شام کے ساتھ زندگی کا ایک دن غروب ہو جاتا ہے، صبح کا سورج کس نے دیکھا؟ جس نے تکبر کیا، دھڑام سے نیچے آ گرا۔ خواہ ٹرک ہو یا لفٹر، کرسی ہو یا کنٹینر۔ جو چیز خدا کو نا پسند ہے، پاکستان بھی معاف نہیں کر سکتا۔ پاکستان کے لئے جانیں دینے والے غریب، مسکین، عاجز اور مومن لوگ تھے۔ بانی تحریک جیل سے رہائی کے لئے سر توڑ کوششیں کر چکے ہیں مگر اسٹیبلشمنٹ کا ایک ہی جواب ہے کہ سیاسی میز پر بیٹھو، ہمیں سیاست میں مت گھسیٹو۔ مگر سیاستدان بوٹ پالش کرنے کے عادی ہو چکے ہیں اور اب بانی پی ٹی آئی کی جانب سے آرمی چیف کو چھ نکات پر مشتمل ایک خط بھیجا گیا ہے۔ اگر اس خط کو دیک





لاہور: گیریژن پولوگراؤنڈز کے زیر اہتمام جونیئر پولو چیمپئن شپ کے پہلے میچ کا منظر

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون: پی ٹی وی نے غنی گلاس کو 7 وکٹوں سے ہرادیا

شامل حسین 143 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، اسٹیٹ بینک کی ہائر ایجوکیشن کے خلاف 4 وکٹوں سے کامیابی



کراچی (این این آئی) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے پانچویں راؤنڈ میں پی ٹی وی نے غنی گلاس کو 7 وکٹوں سے ہرادیا۔ اسٹیٹ بینک نے ہائر ایجوکیشن کو 4 وکٹوں سے شکست دے دی۔ یہ اسٹیٹ بینک کی پانچ میچوں میں چوتھی کامیابی ہے۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم میں پی ٹی وی کو غنی گلاس کے خلاف جیتنے کے لیے 243 رنز کا ہدف ملا تھا۔ تیسرے دن کھیل ختم ہونے پر اس نے 2 وکٹوں پر 204 رنز بنائے تھے۔ آج اس نے جیت کے لیے درکار مزید 39 رنز ایک وکٹ گرنے کے بعد بنالیے۔ شامل حسین جو گزشتہ روز 120 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ تھے 143 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے ان کی اننگز میں 14 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔ یاد رہے کہ شامل حسین نے ایشال ایسوسی ایٹس کیخلاف اپنے فرسٹ کلاس کریئر کی پہلی سنچری اسکور کرتے ہوئے 229 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ اسٹیٹ بینک اسٹیڈیم میں اسٹیٹ بینک کو ہائر ایجوکیشن کے خلاف جیتنے کے لیے 293 رنز کا ہدف ملا تھا۔ آج اس نے 158 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ پر اپنی اننگز شروع کی۔ عثمان صلاح الدین فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی 29 ویں سنچری صرف 3 رنز کی کمی سے مکمل نہ کرسکے اور تیرہ چوکوں کی مدد سے 97 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے انہوں نے فواد عالم کے ساتھ چوتھی وکٹ کی شراکت میں 91 رمیز عزیز کے ساتھ پانچویں وکٹ کی شراکت میں 48 اور غازی غوری کے ساتھ چھٹی وکٹ کی شراکت میں 47 رنز کا اضافہ کرکے اپنی ٹیم کی جیت کو ممکن بنادیا۔ فواد عالم 52 اور رمیز 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ غازی غوری 7 چوکوں کی مدد سے 32 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کا چھٹا راؤنڈ 7 فروری سے شروع ہوگا۔



حیدرآباد: القمر انگلش پبلک سکول میں سپورٹس گالا میں طالبات کھیل کا مظاہرہ کررہے ہیں

بورڈ کا تاریخی اقدام، پہلی بار خاتون پولیس افسر قومی مینز کرکٹ ٹیم کی منیجر مقرر

حنا منور 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے دوران آپریشنز منیجر کے فرائض انجام دیں گی

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کرکٹ بورڈ نے حنا منور کو قومی مینز کرکٹ ٹیم کی پہلی خاتون منیجر مقرر کرکے تاریخ رقم کردی۔ پی سی بی نے چیمپئنز ٹرافی سے قبل تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے ویمن کرکٹ ٹیم کے لیے مقرر چیف سیکورٹی افسر حنا منور کو پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کا منیجر مقرر کیا ہے۔ حنا منور 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے دوران آپریشنز منیجر کے فرائض انجام دیں گی جب کہ وہ 8 فروری سے شروع ہونے والی سہ ملکی سیریز کے دوران ٹیم کی نگرانی بھی کریں گی۔ واضح رہے کہ حنا منور کا تعلق پولیس گروپ سے ہے اور ان کی تقرری 2 برس کے لیے ہوئی ہے۔ گزشتہ سال حنا منور کو ایشیا کپ کے لیے جانے والی پاکستان ویمنز انڈر 19 اسکواڈ کا منیجر بھی نامزد کیا گیا تھا۔ حنا منور 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے دوران آپریشنز منیجر کے فرائض انجام دیں گی۔ امنور 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے دوران آپریشنز منیجر کے فرائض انجام دیں گی جب کہ وہ 8 فروری سے شروع ہونے والی سہ ملکی سیریز کے دوران ٹیم کی نگرانی بھی کریں گی

ٹیم کا انتخاب خالصتاً سلیکشن کمیٹی نے کیا ہے، سیاسی اثر ورسوخ کا تاثر غلط ہے، ذرائع

لاہور (میاں شہروز سے) ذرائع نے کہا ہے کہ ٹیم کا انتخاب خالصتاً سلیکشن کمیٹی نے کیا ہے، سیاسی اثر ورسوخ کا تاثر غلط ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین بورڈ ٹیم سلیکشن میں کسی بھی مرحلے پر مداخلت نہیں کرتے، سلیکٹرز نے فہیم اشرف اور خوشدل شاہ کو منتخب کرنے کا فیصلہ خود کیا ہے، کپتان محمد رضوان سے رائے ضرور لی گئی تاہم حتمی ٹیم سلیکٹرز نے بنائی، چیئرمین محسن نقوی کا بالکل عمل دخل نہیں تھا، انہوں نے سلیکٹرز کے منتخب پندرہ کھلاڑیوں کی منظوری دی۔ سلیکشن کمیٹی کے ایک بااثر رکن نے حلفیہ کہا کہ ہم نے جو بہتر سمجھا ٹیم منتخب کی، سیاسی مداخلت اور پسند ناپسند کا تاثر قطعی غلط ہے۔ عامر جمال کی حالیہ فارم ان کی راہ میں رکاوٹ بنی، فہیم اشرف سلیکٹرز کی نظر میں بہتر آپشن ہیں۔ پاکستان ٹیم میں آنے سے قبل انہیں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے پلاٹینم کیٹیگری میں منتخب کیا تھا۔ خوشدل شاہ مسلسل اچھی کارکردگی کے بعد ٹیم میں آئے، شاداب خان کو خراب فارم کی وجہ سے ڈراپ کیا گیا۔ سلیکٹرز پر اثر ورسوخ اور مداخلت کا تاثر دے کر سلیکشن کمیٹی اور پاکستانی سسٹم کو بدنام کیا جارہا ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اور سہ فریقی ٹورنامنٹ کے دوران پاکستان کی گیارہ رکنی ٹیم قومی سلیکٹرز منتخب کریں گے۔

بگ کرکٹ لیگ کا پہلا سیزن توقع سے بڑھ کر کامیاب، 1 کروڑ 61 لاکھ افراد نے دیکھا

دبئی (این این آئی) بگ کرکٹ لیگ کے افتتاحی سیزن میں 10 روز کے دوران 18 ٹی 20 میچ ہوئے جسے ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل نیٹ ورکس کے ذریعے 1 کروڑ 61 لاکھ سے زائد افراد نے دیکھا۔ لیگ میں جس عرفان پٹھان، سریش رائنا، شیکھر دھون، یوسف پٹھان، ہرشل گبز، عمران طاہر اور تلکا رتنے دلشان سمیت دیگر کرکٹ لیجنڈز شامل تھے۔ افتتاحی سیزن کو عالمی سطح پر ڈیجیٹل، پرنٹ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مجموعی طور پر 20 کروڑ کی رسائی ملی۔ لیگ کا پہلا ایڈیشن ممبئی میریز نے جیتا تھا جو سپریم کورٹ کی معروف وکیل شنا رئیس خان کی ملکیت ہے اور اس کی کپتانی سابق بھارتی فاسٹ بولر عرفان پٹھان کررہے تھے۔ بگ کرکٹ لیگ کے کمشنر دلیپ وینگسارکر نے کہا کہ بگ کرکٹ لیگ ایک ایسا منصوبہ ہے جس کا مقصد ان لوگوں کے خوابوں کو پورا کرنا ہے جنہیں کبھی بھی اعلیٰ سطح پر کھیلنے کا موقع نہیں مل سکا۔ کرکٹ شاندار تھی، ٹیلنٹ غیر معمولی تھا اور ناظرین کی تعداد ٹیم کی سخت محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ممبئی میریز کی مالک شنا رئیس خان نے کہا کہ انہیں پہلے ہی توقع تھی کہ لیگ کا افتتاحی سیزن بلاک بسٹر ہوگا اور میری میری ٹیم کا چیمپئن بننا سونے پر سہاگا ہے۔

طوفٹ بال کی تاریخ میں خود سے بہتر کسی کو نہیں دیکھا: کرسٹیانو رونالڈو

میرا میسی کے ساتھ کبھی براتعلق نہیں رہا، ہم نے 15 سال کے دوران ایوارڈز شیئر کیے اور ہمیشہ اچھے طریقے سے کام کیا ہے

لزبن (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے کہا ہے کہ مجھے لگتا ہے کہ میں اب تک کا سب سے مکمل فٹبالر ہوں۔ اسپینش میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں 39 سالہ کرسٹیانو رونالڈو نے کہا ہے کہ لوگ لیونل میسی، میرا ڈونایا پیلے کو پسند کرسکتے ہیں، میں ان لوگوں کا احترام کرتا ہوں لیکن میں سب سے مکمل ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے کہا کہ میں فٹبال کی تاریخ کا بہترین کھلاڑی ہوں، میں نے فٹ بال کی تاریخ میں اپنے سے بہتر کسی کو نہیں دیکھا اور میں یہ اپنے دل سے سچ کہہ رہا ہوں۔ انٹرویو کے دوران کرسٹیانو رونالڈو نے انکشاف کیا کہ ان کے اور میسی کے درمیان گزشتہ 15 سال میں کبھی بھی خراب تعلقات نہیں رہے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے کہا کہ میرا میسی کے ساتھ کبھی برا تعلق نہیں رہا، ہم نے 15 سال کے دوران ایوارڈز شیئر کیے اور ہمیشہ اچھے طریقے سے کام کیا ہے۔ اسٹار فٹبالر نے کہا کہ مجھے یاد ہے کہ میں میسی کے لیے انگریزی ترجمہ کرتا تھا اور یہ بہت مضحکہ خیز تھا۔ انہوں نے کہا کہ لیونل میسی نے اپنے کلب اور قومی ٹیم کا دفاع کیا اور میں نے اپنے کلب اور قومی ٹیم کا۔ فٹبال کے میدان میں اپنے سے بہتر کوئی نہیں دیکھا۔

چیمپئنز ٹرافی 2025 میں پاک-بھارت ٹاکرے کے ٹکٹ ایک گھنٹے میں فروخت ہوگئی

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں دبئی میں شیڈول روایتی حریف پاکستان اور بھارت کا میچ دیکھنے کے لیے شائقین بے تاب ہیں

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے سب سے ہائی وولٹیج مقابلے پاکستان اور بھارت کے میچ کے ٹکٹ صرف ایک گھنٹے میں ہی فروخت ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں دبئی میں شیڈول روایتی حریف پاکستان اور بھارت کا میچ دیکھنے کے لیے شائقین بے تاب ہیں، یہی وجہ ہے کہ 23 فروری کو ہونے والے اس میچ کی ٹکٹس صرف ایک گھنٹے میں ہی فروخت ہوگئیں۔ چیمپئنز ٹرافی کے ٹکٹوں کی کم سے کم قیمت 500 درہم یعنی 38 ہزار پاکستانی روپے تھی جسے مداحوں نے ہاتھوں ہاتھ خرید لیا۔ اس کے علاوہ پاک بھارت ٹاکرے کے لیے مہنگا ترین ٹکٹ 12 ہزار 500 درہم رکھا گیا تھا وہ بھی فروخت ہوگیا جب کہ 1000، 1200، 2500، 5000 درہم کا ٹکٹ بھی فروخت کے لیے پیش کیا گیا۔ خیال رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا افتتاحی میچ 19 فروری کو کراچی میں کھیلا جائے گا لیکن اس سے پہلے 8 فروری سے سہ ملکی سیریز شروع ہوگی، انٹرنیشنل ٹیموں کی آمد کا سلسلہ پانچ فروری سے شروع ہوگا۔ سہ ملکی سیریز کیلئے نیوزی لینڈ کی ٹیم پانچ فروری اور جنوبی افریقہ کی ٹیم 7 فروری کو پاکستان پہنچے گی، سیریز کا پہلا میچ 8 فروری کو کھیلا جائے گا۔



لاہور: وزیر کھیل پنجاب کھیلتا پنجاب گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



لاہور: وزیر کھیل پنجاب فیصل ایوب کھوکھر نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں فاتح کھلاڑیوں کے ساتھ گروپ فوٹو

سابق برطانوی فوجی کو ایران کیلئے جاسوسی کے الزام میں 14 سال قید

لندن کی ایک عدالت نے 23 سالہ دانیال خلیف کو یہ سزا سنائی، برطانوی میڈیا

لندن (این این آئی) سابق برطانوی فوجی دانیال خلیف کو ایران کے لیے جاسوسی اور جیل سے فرار ہونے کے الزام میں 14 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق لندن کی ایک عدالت نے 23 سالہ دانیال خلیف کو یہ سزا سنائی ہے۔ اس سے قبل دانیال کو برطانوی فوج میں رہتے ہوئے سرکاری راز افشا کرنے اور دہشت گردی کے الزام میں لندن کی جیل بھیجا گیا تھا، جہاں سے وہ ستمبر 2023 میں کھانا ڈیلیوری کرنے والے ٹرک میں چھپ کر فرار ہوا تھا، اسے طویل تلاش کے بعد گزشتہ سال 2024 کے نومبر میں دوبارہ گرفتار کیا گیا۔ لندن میں وول وچ کراون کورٹ میں جسٹس چیما گرب نے دانیال کو مجموعی طور پر 14 سال قید کی سزا سنائی، جس میں 6، 6 سال قید کی سزا جاسوسی اور دہشت گردی کے الزام میں، جبکہ 2 سال کی سزا جیل سے بھاگنے کے الزام میں سنائی گئی ہے۔ دانیال نے عدالت میں یہ ثابت کرنے کی کوشش نجمی کی کہ وہ بطور ڈبل ایجنٹ کام کرنا چاہتا تھا اور ایران کو غلط معلومات فراہم کرتا تھا، تاہم وہ یہ ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ فیصلے میں جج نے کہا کہ دانیال نے اپنی شخصی خوش نمائی کے لیے یہ سب کچھ کیا۔



مغربی کنارا، فائرنگ کے واقعے میں دو اسرائیلی فوجی ہلاک

مغربی کنارہ (این این آئی) مغربی کنارے کے شمال میں تیسیر چیک پوسٹ کے نزدیک فائرنگ کے واقعے میں دو اسرائیلی فوج ہلاک اور چھ زخمی ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاروں نے سویا گاں پر حملہ کیا۔ یہودی آبادکاروں نے کئی گھروں پر پتھراؤ کیا، پانی کی ٹنکیاں برباد کردیں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچایا۔ یہ تفصیلات الخلیل کے جنوب میں واقع علاقے مسافر یطا میں مقامی حکام نے بتائیں۔ ادھر فلسطینی ہدایت کار باسل عدرا نے ایکس ویب سائٹ پر اپنے اکاؤنٹ پر کئی وڈیو کلپ جاری کیے ہیں۔



جاپانی وزیر خارجہ تاکیشی ایویاٹو کیو میں اپنے سعودی عرب کے ہم منصب فیصل بن فرحان السعود سے مصافحہ کررہے ہیں

ایلون مسک ہماری اجازت کے بغیر خود فیصلے نہیں کر سکتے، ٹرمپ

مسک کی زیر قیادت محکمے کو لاکھوں امریکیوں کی حساس ذاتی معلومات تک رسائی دی گئی، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان کے مشیر ایلون مسک خود فیصلے نہیں کر سکتے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایلون مسک ہماری اجازت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتے اور نہ کریں گے۔ ایک سوال پر امریکی صدر نے کہا کہ ایلون مسک کو جہاں مناسب سمجھا منظوری دیں گے اور جہاں مناسب نہیں سمجھا تو ہم انہیں منظوری نہیں دیں گے۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ نے ایلون مسک کی ٹیم کو وفاقی ادائیگیوں کے نظام تک رسائی دی ہے جو ہر سال سرکاری فنڈز میں کھربوں ڈالرز کے معاملات کو کنٹرول کرتا ہے۔ ایلون مسک کی قیادت میں بنایا جانے والا یہ ڈپارٹمنٹ آف گورنمنٹ افیشینسی (ڈی او جی ای) سرکاری محکمہ نہیں ہے بلکہ یہ انتظامیہ کے اندر ایک ٹیم ہے۔ ایلون مسک کی زیر قیادت اس محکمے کو لاکھوں امریکیوں کی حساس ذاتی معلومات تک رسائی دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ ایلون مسک دنیا کے امیر ترین آدمی ہیں اور انہیں ڈونلڈ ٹرمپ کا قریبی مشیر سمجھا جاتا ہے۔

امریکہ سے آنے والی کچھ درآمدی اشیا پر 10 سے 15 فیصد ٹیرف عائد کیا جائے گا، چائنا اسٹیٹ کونسل ٹیرف کمیشن

بیجنگ (این این آئی) چائنا اسٹیٹ کونسل کے ٹیرف کمیشن نے امریکہ سے درآمد ہونے والے کچھ مال پر اضافی ٹیرف لگانے کے بارے میں اسٹیٹ کونسل کے ٹیرف کمیشن کا اعلان جاری کیا۔ اعلان میں کہا گیا کہ امریکہ کی جانب سے یکطرفہ طور پر ٹیرف لگانے کا عمل عالمی تجارتی تنظیم کے قواعد کی سنگین خلاف ورزی ہے، جو نہ صرف اپنے مسائل کو حل کرنے میں بے اثر ہے بلکہ چین اور امریکہ کے درمیان معمول کے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ عوامی جمہوریہ چین کے ٹیرف لاء، کسٹمز لاء، بیرونی تجارت کے قانون اور دیگر قوانین وضوابط اور بین الاقوامی قانون کے بنیادی اصولوں کے مطابق، اسٹیٹ کونسل کی منظوری کے بعد، 10 فروری 2025 سے، امریکہ سے درآمد ہونے والے کچھ مال پر اضافی ٹیرف کا اطلاق ہوگا۔ جن اشیا اور مال پر اضافی ٹیرف کا اطلاق ہوگا وہ یہ ہیں 1 کوئلہ اور مائع قدرتی گیس پر 15 فیصد اضافی ٹیرف لگایا جائے گا۔ 2. خام تیل، زرعی مشینری، بڑے انجن کی زیادہ گنجائش والی گاڑیاں، اور پک اپ ٹرکس پر 10 فیصد اضافی ٹیرف لگایا جائے گا۔ اس کے علاوہ فہرست میں شامل امریکہ سے درآمد ہونے والے مال پر موجودہ قابل اطلاق ٹیرف کی شرح کے علاوہ اضافی ٹیرف بھی لگائے جائیں گے۔

امریکا غیر قانونی طریقے سے آنے والے 205 بھارتی ملک بدر، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں غیر قانونی طریقے سے داخل ہونے والے سیکڑوں بھارتیوں کو بے دخل کردیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 205 بھارتیوں کو امریکا سے ڈی پورٹ کیا گیا ہے، ان تمام افراد کے بھارتی شہری ہونے کی تصدیق بھی کی گئی ہے۔ امریکا سے ڈی پورٹ کیے گئے افراد کے حوالے سے کی گئی کارروائی کے تمام مرحلے میں بھارت بھی شامل رہا۔ ان 205 بھارتیوں کو لے کر امریکی فوجی طیارہ امریکی ریاست ٹیکساس سے روانہ ہوا۔ یہ ممکنہ طور پر ایسی کئی پروازوں میں سے پہلی پرواز ہے جو امریکا میں غیر قانونی ہندوستانی تارکینِ وطن کو واپس لے جائے گی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی غیر قانونی تارکینِ وطن کی ملک بدری کی پالیسی کے مطابق ان بھارتیوں کو ملک بدر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے انتخابی مہم کے دوران غیر قانونی نقل مکانی کے خلاف کریک ڈاون کا وعدہ کیا تھا۔ ڈی پورٹ افراد کے حوالے سے کارروائی کے تمام مرحلے میں بھارت بھی شامل رہا، رپورٹ، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی غیر قانونی تارکینِ وطن کی ملک بدری کی پالیسی کے مطابق ان بھارتیوں کو ملک بدر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے انتخابی مہم کے دوران غیر قانونی نقل مکانی کے خلاف کریک ڈاون کا وعدہ کیا تھا۔ ڈی پورٹ افراد کے حوالے سے کارروائی کے تمام مرحلے میں بھارت بھی شامل رہا۔

کیا امریکہ کے نکل جانے سے عالمی ٹیکس معاہدہ چل پائیگا، سیکرٹری خزانہ بھارت

یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا، سیکرٹری خزانہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے امریکہ کے ٹیکس معاہدے سے نکلنے کے اعلان کے پس منظر میں کہا ہے کہ یہ قابل غور ہے کہ امریکہ کے اس معاہدے سے الگ ہوجانے کے بعد یہ عالمی سطح پر ٹیکس معاہدہ چل سکے گا نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کے سیکرٹری خزانہ تو ہن کانتا پانڈے نے بتایا کہ بھارت اس معاملے کا جائزہ لے رہا ہے کہ دنیا کے 140 ملکوں کے اتفاق سے کیا گیا یہ معاہدہ اب امریکہ کے نکل جانے سے بروئے کار رہ سکے گا یا نہیں۔ بھارتی سیکرٹری خزانہ پانڈے نے کہا کہ یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بھارت کو ایک عرصے سے کئی تحفظات موجود ہیں جن کا اس ادارے نے ابھی تک ازالہ نہیں کیا ہے۔ یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا، سیکرٹری خزانہ: یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا: یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا، سیکرٹری خزانہ: یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا: یہ معاہدہ ایک عالمی نوعیت کا ہے اسے یکطرفہ نہیں چلایا جاسکتا

امریکی ٹیکس اقدامات کو عالمی تجارتی تنظیم کے تنازعات کے حل کے میکانزم میں پیش کردیا ہے، چینی وزارت تجارت

یہ اقدام قواعد پر مبنی کثیر الجہتی تجارتی نظام کو شدید نقصان پہنچاتا ہے، چین اور امریکہ کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون کی بنیاد کو تباہ کرتا ہے

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت تجارت کے ترجمان نے چین کی جانب سے WTO میں امریکی ٹیرف اقدامات کے خلاف کیس دائر کرنے پر صحافیوں کے سوالات کے جواب میں کہا کہ امریکہ کی جانب سے چین سے درآمد ہونے والی مصنوعات پر ٹیرف لگانا WTO کے قواعد کی سنگین خلاف ورزی ہے اور یہ یکطرفہ پسندی اور تجارتی تحفظ پسندی کی ایک واضح مثال ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام قواعد پر مبنی کثیر الجہتی تجارتی نظام کو شدید نقصان پہنچاتا ہے، چین اور امریکہ کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون کی بنیاد کو تباہ کرتا ہے اور عالمی صنعتی چین اور سپلائی چین کے استحکام کو متاثر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ نے بارہا یکطرفہ پسندی کو کثیر الجہتی پر ترجیح دی ہے، جس پر WTO کے اراکین کی جانب سے سخت مذمت بھی کی گئی ہے۔ چین کی وزارت تجارت کے ترجمان نے کہا کہ چین امریکہ کے ان اقدامات کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور امریکہ پر زور دیتا ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے غلط اقدامات کو درست کرے۔ انہوں نے کہا کہ چین کثیر الجہتی تجارتی نظام کا مستقل حامی اور اہم معاون ہے۔

تصویر میں ٹوکیو کے قریب سائیتاما پریفیکچر میں یاشیو کے ایک چوراہے پر ایک بڑا کھول کا منظر



واشنگٹن: 14 امریکی صدر جارج ڈبلیو بش (L) البرٹو گونزالز (C) کو اپنی والدہ ماریا (2nd-L) اور ان کی اہلیہ ریبیکا کے ساتھ دیکھ رہے ہیں

کولمبو: وزیر اعظم ہرینی امراسوریہ 04 فروری 2025 کو کولمبو، سری لنکا میں 77 ویں یوم آزادی کی پریڈ میں شرکت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ملک بھر کی طرح ضلع جہلم میں بھی یوم یکجہتی کشمیر قومی جوش وجذبے سے منایا گیا

ضلعی اور تحصیل سطح پر ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد ہوا، جن میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی



جہلم (بیورو رپورٹ) ملک بھر کی طرح ضلع جہلم میں بھی یوم یکجہتی کشمیر قومی جوش وجذبے سے منایا گیا۔ضلعی اور تحصیل سطح پر ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد ہوا، جن میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ضلعی سطح پر منعقدہ یکجہتی ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم مشیم عباس اور ڈی پی او طارق عزیز سندھو نے کی، جو ڈی سی آفس سے شروع ہو کر وائے کراس پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں ضلعی افسران، پولیس، ریسکیو، سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں کے طلبہ، تاجر برادری اور میڈیا نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر ''کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے'' اور ''کشمیریوں کو حق خودارادیت دو'' جیسے نعرے درج تھے۔ ڈپٹی کمشنر میثم عباس نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے اور کشمیر کی آزادی تک ہماری حمایت اور یہ جدوجہد جاری رہے گی۔ کشمیری عوام نے اپنی آزادی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں اور وہ دن دور نہیں جب ظلم کی سیاہ رات ختم ہوگی اور آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز سندھو نے اس موقع پر کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس کی حفاظت اور آزادی کے لیے ہم ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ کشمیری عوام کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی اور آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا۔ پاکستان ہر فورم پر کشمیر کی حمایت جاری رکھے گا اور یہ یکجہتی ہمارا قومی فریضہ ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ایک بڑی ریلی کا انعقاد

میونسپل کمیٹی کے ملازمین، صحافی برادری، بچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی



شرقپور سے شروع ہو کر میونسپل کمیٹی شرقپور پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے۔ اس دوران مظاہرین نے ''کشمیر بنے گا پاکستان'' اور ''کشمیریوں سے رشتہ کیا؟ لا الہ الا اللہ'' جیسے جوشیلے نعرے لگائے۔ ریلی میں شریک افراد نے بھارت کے مظالم کی شدید مذمت کی اور کشمیری عوام کے حق میں اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ ریلی کے اختتام پر کشمیری عوام کی جلد آزادی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر راجپوت سے) شرقپور شریف میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں میونسپل کمیٹی کے ملازمین، صحافی برادری، بچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ یہ ریلی بڑا اڈہ شرقپور شریف سے شروع ہو کر میونسپل کمیٹی شرقپور شریف پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ایک بڑی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں میونسپل کمیٹی کے ملازمین، صحافی برادری، بچوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ضلعی سطح پر منعقدہ یکجہتی ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور ڈی پی او طارق عزیز سندھو نے کی، جو پاکستان'' اور ''کشمیریوں سے رشتہ کیا؟ لا الہ الا اللہ'' جیسے جوشیلے نعرے لگائے۔ ریلی میں شریک افراد نے بھارت کے مظالم کی شدید مذمت کی اور کشمیری عوام کے حق میں اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ ریلی کے اختتام پر کشمیری عوام کی جلد آزادی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

یوم یکجہتی کشمیر: جمعیت علمائے اسلام (ف) کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی

سماجی رفاحی فلاحی شہری تنظیموں کے عمائدین سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

جہلم (بیورو رپورٹ) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے گزشتہ روز جمعیت علمائے اسلام (ف) کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی ریلی میں شہر کی سماجی رفاحی فلاحی شہری تنظیموں کے عمائدین سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ریلی شہر کے مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی جہلم پریس کلب کے باہر پہنچی جہانپر جے یو آئی ف جہلم سٹی کے جنرل سیکرٹری معروف نوجوان عالم دین مفتی محمد شیر خان نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا بچہ بچہ، مرد و خواتین کشمیر کی جدوجہد آزادی کیساتھ کھڑے ہیں، ہر عالمی فورم پر کشمیریوں پر ہونیوالے مظالم کی آواز اٹھا رہے ہیں، مظلوم کشمیریوں کی سیاسی جدوجہد اور ان کے استصواب رائے کے حق کیلئے سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں مولانا عمیر حنیف عجب خان قاری عبدالرحمن اور مرکزی مسلم لیگ کے رہنما ملک محمد افضل، ضلعی جنرل سیکرٹری چوہدری محمد ہارون نے کہا کہ 5فروری یوم یکجہتی کشمیر مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کے ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے، یہ دن پوری دنیا میں جوش و جذبہ سے منایا جا رہا ہے جس کا مقصد کشمیریوں کے منصفانہ جدوجہد حق خود ارادیت، سیاسی وسفارتی حمایت اور غیر متزلزل عزم کا اظہار ہے، مقبوضہ کشمیر کے عوام کو حق حاصل ہے

پاکستان کے استحکام اور اسکی ترقی کے لئے ہمیں مل کر کردار ادا کرنا ہوگا

پاکستان اور افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے اداروں کو ریڈ لائن سمجھنا ہوگا: انیس عامر



عارف الا (نمائندہ قوت) ریئس اعظم عارف الا سالاح چیرمین معروف بزنس مین انیس عامر بھٹی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے استحکام اور اسکی ترقی کے لئے ہمیں مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، اس وقت قوم کو آپس میں رواداری محبت، یگانگت اور پاکستان سے محبت، اتحاد کی ضرورت ہے پاکستان اور افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے اداروں کو ریڈ لائن سمجھنا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی معیشت کی بہتری اور پاکستان کو کامیاب ریاست بنانے کے لئے ہمیں پاکستانی بننا ہوگا پاکستان کے استحکام اور اسکی ترقی کے لئے مل کر کردار ادا کرنا ہے اس وقت قوم کو آپس میں رواداری محبت، یگانگت اور پاکستان سے محبت اتحاد کی ضرورت ہے، ہم سب ملکر پاکستان کو مستحکم اور مضبوط بنائیں گے تاکہ ملک ترقی اور درست سمت کی جانب گامزن ہوسکے ہم پاکستان اور افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے اداروں کو ریڈ لائن سمجھتے ہیں پاکستان کی معیشت کی بہتری اور پاکستان کو کامیاب ریاست بنانے کے لئے قوم کو صرف ایک قوم پاکستانی قوم بننا ہوگا گلگوٹرنس کے بغیر ملک کو درست سمت پر نہیں لے جایا جا سکتا جو ماضی میں ہوتا رہا اس سے ہٹ کر ملک کو اپنی صلاحیتوں اور مایابی کے اندھیروں سے نکالنے کے لئے ہمیں نفرت کی سیاست کے خاتمے اور ملک سے عدم استحکام ختم کرنے کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے۔

ملک بھر کی طرح ڈسکہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقہ سے منایا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ملک بھر کی طرح ڈسکہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقہ سے منایا گیا میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے زیر اہتمام میونسپل آفس سے اے سی آفس تک یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی ریلی میں تاجران علمائے کرام سول سوسائٹی نے شرکت جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چیف آفیسر سمیت کوئی سرکاری آفیسر اور اراکین اسمبلی ریلی میں شریک نہیں ہوئے شرکاء نے کتبے اور بینر اٹھا رکھے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے نعرے لگائے گئے اختتام پر ملکی سلامتی واستحکام اور کشمیر کی آزادی کیلئے دعائی گئی

مسلم لیگ ن ملکی ترقی کیلئے بہترین کام کر رہی ہے: ضرغام گورائیہ

مریم نواز نے بہترین پالیسیوں سے پنجاب کا نقشہ بدل دیا ہے: صہیب احمد گورائیہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلم لیگ ن ملکی ترقی کیلئے بہترین کام کر رہی ہے مریم نواز نے بہترین پالیسیوں سے پنجاب کا نقشہ بدل دیا ہے ترقی یافتہ ممالک کے ایس او پیز اور قوانین کے نفاذ سے ملکی ترقی کی پیڈ میں اضافہ ہوگا کسانوں مینارٹیز اور غریب افراد کیلئے کیے گئے اقدامات قابل ستائش ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب میں روشنیاں اور ترقی واپس لانے پر عوام مسلم لیگ ن کی مشکور ہے ہمارے ووٹ کا حق ادا کر دیا گیا ہے ملک کو بحرانوں سے نکال کر عالمی سطح کی تبدیلیاں لائی جا رہی ہیں ایک سال میں ہی پنجاب میں کافی تبدیلی آچکی ہے امید ہے آئندہ سالوں پنجاب کا شمار دنیا کے بڑی ریاستوں میں ہوگا۔

سرکاری سکولوں میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے تقاریب کا انعقاد

ریلیاں نکالی گئیں، سکولوں کے طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے اپنے انداز میں کشمیریوں کے لیے آواز بلند کی،



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام مختلف سرکاری سکولوں میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا اور ریلیاں نکالی گئیں، سکولوں کے طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے اپنے انداز میں کشمیریوں کے لیے آواز بلند کی، مختلف سرکاری سکولوں میں مسئلہ کشمیر بارے تقریری مقابلے کروائے گئے اور مختلف تقاریب میں بچوں نے ٹیبلوز پیش کر کے کشمیریوں سے والہانہ محبت کا اظہار کیا، ترجمان سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہرگ ہے اور پاکستانی عوام کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، پاکستان کا بچہ بچہ کشمیری قوم سے پیار کرتا ہے اور ان کی جدوجہد آزادی میں ان کے ساتھ ہے، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی آخر کار دوام پا کر رہے گی اور مقبوضہ کشمیر سے بھارت کے ظلم اور بربریت کا خاتمہ ہو کر رہے گا۔

ملک کے دوسرے شہروں کی طرح فیصل آباد ڈویژن میں بھی یوم یکجہتی کشمیر اس عزم کے اعادہ کے ساتھ منایا گیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ملک کے دوسرے شہروں کی طرح فیصل آباد ڈویژن میں بھی یوم یکجہتی کشمیر اس عزم کے اعادہ کے ساتھ منایا گیا کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لئے کشمیری بھائیوں کی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھی جائے گی۔ دن کا آغاز نماز فجر کے بعد مساجد میں مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لئے حریت پسندوں کی فتح ونصرت کی دعاؤں اور کشمیری شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی سے ہوا۔ ڈویژنل انتظامیہ کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مختلف پروگرامز ترتیب دیئے گئے۔ تعلیمی اداروں میں آزادی کشمیر کے موضوع پر تقریری مقابلے اور سیمینارز منعقد ہوئے۔ شاہراہوں، چوکوں اور دیگر اہم عوامی مقامات پر کشمیر بنے گا پاکستان، کشمیر کی آزادی ہر پاکستانی کے دل کی آواز، پرامن کشمیر، پرامن دنیا کی تصویر، آزادی کشمیر عنقریب، جدوجہد آزادی کشمیر زندہ باد، مسئلہ کشمیر اقوام عالم کی توجہ کا طالب اور دیگر نعرے درج تھے مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری اور دیگر تنظیموں کی طرف سے کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کے اظہار کے لئے مختلف تقریبات، ریلیز، سیمینارز اور دیگر پروگرامز منعقد ہوئے۔

کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بہت قربانیاں دی ہیں: شاہد یوسف

کشمیر کی آزادی کیلئے عالمی سطح پر فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے: شکیل احمد مغل

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بہت قربانیاں دی ہیں عالمی برادری کو ان کے حق خودارادیت کی حمایت کرنا ہوگی



اب وقت آگیا ہے کہ کشمیری کشمیریوں کے حقوق دبا کر بیٹھا ہے انسانی حقوق کی آزادی کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

تنظیموں اور اقوام متحدہ کی خاموشی بھارت کے ساتھ ملی بھگت ثابت کر رہی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ تنظیمیں نام نہاد ہیں 7 دہائیاں گزر چکی ہیں کشمیری اپنی آزادی اور حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں 5 فروری ہمیں کشمیریوں پر بھارتی ظلم وستم کی یاد دلاتا ہے ان شاء اللہ کشمیری بہن بھائیوں کی کوششیں ضرور رنگ لائیں گی اور کشمیر کو آزادی ملے گی ان کے جذبہ آزادی اور حقوق کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔

مزید کہا کہ بھارت اپنی انا اور زور زبردستی میں کشمیریوں کے حقوق دبا کر بیٹھا ہے انسانی حقوق کی

شہریوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ انسپکٹر اکرم شہباز

قانون شکن عناصر کی سرکوبی کیلئے کوشاں ہیں۔ ایس ایچ او مراد پور



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) شہریوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ انسپکٹر اکرم شہباز قانون شکن عناصر کی سرکوبی کیلئے کوشاں ہیں۔ ایس ایچ او مراد پور۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت انکے کرائم کنٹرول میکنزم کے تحت اہم اقدامات سے اہلیان سیالکوٹ کو محفوظ سیالکوٹ دینے کے لیے علاقہ تھانہ مراد پور میں سنیپ چیکنگ کی جا رہی ہے۔ ڈی پی او صاحب کی ہدایات پر کرائم ہاٹ سپاٹ پر سرپرائز چیکنگ کا موثر نظام قائم کر دیا گیا ہے۔ جس سے کریمنل افراد کو کرائم سے پہلے روکا جا سکے گا۔ ان باتوں کا اظہار کشمیر روڈ پر گشت کے دوران میڈیا نمائندگان کیساتھ اچانک ہوئی ملاقات کے دوران ایس ایچ او تھانہ مراد پور اکرم شہباز گجر نے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرے تھانہ کی حدود میں پتنگ بازی کی قطعی طور پر اجازت نہیں دونگا۔ ہم خود بھی چیکنگ کر رہے ہیں اور پتنگ بازی کی شہری نشاندہی کریں فوری بھرپور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے 24 گھنٹے برسرپیکار ہے۔

کشمیریوں سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ، خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

قیادت نے ہمیشہ کشمیریوں کیلئے آواز بلند کی: نائب صدر پیپلز پارٹی پنجاب



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) کشمیریوں سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ۔ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ۔ قیادت نے ہمیشہ کشمیریوں کیلئے آواز بلند کی۔ نائب صدر پیپلز پارٹی پنجاب۔ معروف قانون دان و نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب ٹکٹ ہولڈر این اے 71 سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کا کشمیریوں کیساتھ یکجہتی کے موقع پر اظہار یکجہتی۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قائد عوام و سابق وزرائے اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو شہید و محترمہ بینظیر بھٹو شہید سے لیکر صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ہمیشہ کشمیریوں کے موقف کو بہتر انداز میں بیچ الاقوامی سطح پر اٹھایا ہے۔ سنیئر پارٹی رہنما خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے مزید کہا کہ ہم اپنے کشمیری عوام کیساتھ تھے ہیں اور انکے ساتھ کھڑے ہیں۔ آزادی کشمیر کیلئے کشمیریوں کی جانب سے لاکھوں جانوں کے نذرانے پیش کیے جا چکے تحریک آزادی کشمیر کے رہنماؤں کو قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑ رہی ہے اور نہتے کشمیریوں پر انڈین آرمی کی بربریت پر مہذب دنیا کو ایکشن لینا چاہیے۔ کشمیر کی جغرافیائی حیثیت کو بھارت واپس لائے اور کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دے۔

یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ضلع کونسل ہال میں ایک خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

بھارتی فوج کی بربریت، مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپر اسے) یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ضلع کونسل ہال میں ایک خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں بھارتی فوج کی بربریت، مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سیمینار کی صدارت ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کی جبکہ ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم، محمد ارشد ملک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل اور اے سی ساہیوال رانا طاہر رحمان نگویب کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، سول سوسائٹی کے نمائندوں، ماہرین تعلیم، وکلاء، صحافیوں اور طلبہ نے بھی بھرپور شرکت کی سیمینار میں مقررین نے کشمیری عوام پر بھارتی ریاستی جبر کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ایک متنازعہ علاقہ ہے اور کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔ انہوں نے بھارتی قابض افواج کے ظلم وستم کو عالمی برادری کے لیے لمحہ فکریہ قرار دیا اور عالمی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں نہتے کشمیری 75 برس بعد بھی حق خودارادیت سے محروم ہیں اور بھارت نے ان کی تمام بنیادی انسانی حقوق سلب کر رکھے ہیں جو کہ قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، انہوں نے کہا کہ کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی، بھارتی ظلم و بربریت کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے کہا کہ ایک دن مقبوضہ کشمیر سے ظلم کے بادل چھٹ جائیں گے اور ان کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔

معروف کاروباری شخصیت کے بیہمانہ قتل میں ملوث ملزمان گرفتار نہ ہو سکے

حاجی عثمان کو تین ماہ قبل گھر جاتے ہوئے ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا

وزیر آباد (نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت کے بیہمانہ قتل میں ملوث ملزمان گرفتار نہ ہو سکے۔ حاجی عثمان کو تین ماہ قبل گھر جاتے ہوئے ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ واقعے کی بابت وفاقی وزیر اطلاعات نے خصوصی نوٹس لے کر ملزمان کی جلد گرفتاری کے احکامات بھی جاری کیے تھے۔ مقتول کے لواحقین تاحال ملزمان کی گرفتاری کے منتظر ہیں تقریباً تین ماہ قبل مسلم لیگ ن کے رہنما راحیل کھوکھر کے بھائی معروف کاروباری شخصیت حاجی عثمان کو گھر جاتے ہوئے ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا واقعے کا مقدمہ نمبر 1399/24 چاندنامہ اور تین کس نامعلوم افراد کے خلاف تھانہ صدر وزیر آباد میں درج کر لیا گیا۔ حاجی عثمان کے بیہمانہ قتل کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ نے مقتول کے گھر جا کر ملزمان کو جلد کیفر کردار تک پہنچانے کا وعدہ کرتے ہوئے پولیس حکام کو ہدایات جاری کی تھیں کہ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا کر ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔

یوم یکجہتی کشمیر: ضلعی انتظامیہ اور ڈی پی ایس اینڈ کالج کے زیر اہتمام ریلیوں کا انعقاد

ریلیوں کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور ڈی پی ایس اینڈ کالج کے زیر اہتمام ریلیوں کا انعقاد کیا گیا، ریلیوں کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کی، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر اکاڑہ احسن ممتاز گوندل، پرنسپل ڈی پی ایس اینڈ کالج ثروت سعید، پولیس حکام سمیت دیگر محکموں کے افسران، سول سوسائٹی، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ریلیوں کے شرکا نے کشمیریوں کے حق میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں نہتے کشمیری 75 برس بعد بھی حق خودارادیت سے محروم ہیں اور بھارت نے ان کی تمام بنیادی انسانی حقوق سلب کر رکھے ہیں جو کہ قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، انہوں نے کہا کہ کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی، بھارتی ظلم و بربریت کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے کہا کہ ایک دن مقبوضہ کشمیر سے ظلم کے بادل چھٹ جائیں گے اور ان کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔

5فروری یوم یکجہتی کشمیر ساہیوال پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپر اسے) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر ساہیوال پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمان کی خصوصی ہدایات پر پولیس کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ضلع بھر میں نکالی جانے والی ریلیوں کی سیکیورٹی کیلئے سخت انتظامات کیے گئے۔ ضلع پولیس، ٹریفک پولیس اور ایلیٹ فورس کے افسران و جوانوں نے ریلیوں میں شرکت کرنے والے شہریوں کی سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اسکی حفاظت اور قربانی کیلئے پوری قوم ہمہ وقت تیار ہے اور اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی ہمارا قومی فریضہ ہے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں چونتیس افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں چونتیس افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں دس خواتین سمیت چونتیس افراد زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو عملہ نے طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

جہلم تھانہ سٹی کے علاقے میں بیوی نے اپنی والدہ اور بہنوئی کے ساتھ ملکر اپنے خاوند کو آگ لگا دی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ سٹی کے علاقے میں بیوی نے اپنی والدہ اور بہنوئی کے ساتھ ملکر اپنے خاوند کو آگ لگا دی جس سے زعفران نامی شخص کا جسم بری طرح جھلس گیا زخمی کو انتہائی تشویشناک حالت میں راولپنڈی ریفر کر دیا گیا دوسری جانب پولیس نے متاثرہ شخص کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے

پولیس میں ہومی ساہیڈ پری وینشن یونٹ کے قیام سے قتل واقدام قتل مقدمات میں کمی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او راشد ہدایت اوکاڑہ کا احسن اقدام، ایچ پی یو قیام۔ پولیس میں ہومی ساہیڈ پری وینشن یونٹ کے قیام سے قتل واقدام قتل مقدمات میں کمی۔ ماہ دسمبر کے مقابلہ میں جنوری میں قتل اور اقدام قتل میں واضح کمی۔ قتل کے واقعات میں 22 فیصد جبکہ اقدام قتل کے واقعات میں 66 فیصد کمی۔ ایچ پی یو ایجنڈس ہیڈ کارروائی کر کے بڑے سانحہ سے محفوظ بناتا ہے۔ پرانی دشمنی کی بنیاد پر قتل جیسے بڑھتے جس میں کمی لانا پولیس کا ہدف ہے۔ ہومی سائیڈ پری وینشن یونٹ وقوعہ سے قبل کارروائی کر کے انسانی جانوں کو بچاتا ہے۔

تھانہ میں اندراج کروائے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تھانہ میں اندراج کروائے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ میانوالی بنگلہ کے عبدالغفور نے اپنا مکان تھانہ میں اندراج کروائے بغیر ہی شاہ زیب کو کرایہ پر دے دیا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر دونوں ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

خاتون کیساتھ زیادتی کی کوشش کرنے اور کپڑے پھاڑنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون کیساتھ زیادتی کی کوشش کرنے اور کپڑے پھاڑنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج تھانہ موزہ کے علاقہ داؤ کے کلاں کی خاتون ثمرین ڈیرہ پر موجود تھی کہ اسی دوران ملزمان یوسف اور علی رضا آگئے ملزم علی رضا خاتون کو اندر کی طرف کھینچ کرلے گیا۔

گورنمنٹ ڈگری کالج میں کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی

تقریب کا اہتمام کالج کی طالبات، سٹاف اور پرنسپل مسز بشریٰ خلیل نے کیا

میاں چنوں (کھیل رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے گورنمنٹ ڈگری کالج میں کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور خطے میں جاری انسانی حقوق کے مسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے یوم یکجہتی کشمیر منایا۔ تقریب کا اہتمام کالج کی طالبات، سٹاف اور پرنسپل مسز بشریٰ خلیل نے کیا، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج مسز بشریٰ خلیل کا کہنا تھا کہ یوم یکجہتی کشمیر ہر سال کشمیریوں کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد میں منایا جاتا ہے کشمیری عوام کے ساتھ ہمیشہ ہماری دعائیں اور ہمارا مکمل کردار جاری رہے گا، اس موقع پر کالج میں طالبات کی طرف سے ریلی نکالی گئی، طالبات نے بینرز اٹھا رکھے تھے اور کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے نعرے بازی کی گئی، بعد ازاں طالبات کے درمیان تنازعہ کشمیر پر تقاریر کیں گئیں اور مسئلہ کو اجاگر کرتے ہوئے حل پر روشنی ڈالی۔

پولیس تھانہ مصطفی آباد کی بڑی کاروائی، پتنگ بنانے والی فیکٹری پکڑ لی

سینکڑوں پتنگیں، ڈور کی چرخیاں، خام مال برآمد: ڈی پی او قصور



مصطفی آباد/لیہ (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد کی بڑی کاروائی، پتنگ بنانے والی فیکٹری پکڑ لی، سینکڑوں پتنگیں، ڈور کی چرخیاں، خام مال برآمد، چار ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کی روک تھام کے لئے قصور پولیس متحرک، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید کو خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر پتنگیں اور ڈور بنانے والی فیکٹری پکڑ لی، ملزمان ڈور اور پتنگیں بنانے میں مصروف تھے، ملزمان رانا سفیان، بلال ملک، شیراز آرائیں اور اکرام ملک کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے سینکڑوں کی تعداد میں پتنگیں، ڈور کی چرخیاں اور خام مال برآمد کر لی، طارق محمود سب انسپکٹر، محمد اشرف سب انسپکٹر، امجد علی اے ایس آئی کی مدعیت میں الگ الگ مقدمات درج، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے کہا کہ پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کو روکنے کے لئے ڈی پی او قصور عیسی خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، ہم والدین سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ پتنگ بازی جیسے خونی کھیل سے اپنے بچوں کو باز رکھیں تاکہ کسی بھی انسانی کی قیمتی جان ضائع نہ ہو

روزنامہ قوت لاہور 6(7)فروری 2025ء

”قوت“ کا اسپیشل ایڈیشن

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چیکوں کے پیچھے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط تاثر ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

1

بقیہ کالم نمبر 1

گوان کا خود اردایت واپس ولدا کرنی ہو گی جس کے۔ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر بھی عظیم کی لاہور کی طرح آزادی کا سورج ضرور طلوع ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ جانوں کا نذرانہ پیش کرنے میں خود اردایت کی شمع روشن رکھنے والے ہمارے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور انھوں نے کہا کہ پولیس ویلفیئر فنڈ مختلف کے مقتولین کے ورثا کے مالی فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ہم ہر حالی کے شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہمارے نظام و بربریت سے جبھ بنا دیا ہے، ہمارے کی ظالمانہ کارروائیوں کی وجہ سے عدم استحکام کا شکار ہوگیا ہے۔ انہوں نے کشمیری عوام کے ساتھ ہر طرح سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ کشمیری آزادی کے اور جاری جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد کو سفارتی و سیاسی حمایت جاری رکھی گی ہے ان کے ساتھ کھڑا ہے اور کشمیری عوام کی آزادی کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا۔ حق خود اردایت عن الاقوامی قانون کا بنیادی اصول ہے۔ بھارتی ہوائی کمپنی کشمیر عوام کے ساتھ ظالمانہ رویہ اختیار کرتا ہوا کہ اور بھارت کے ظالمانہ قوانین کو ممنوع کرتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کے ساتھ ہر فورم پر آواز بلند کرتا رہے گا۔ ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ پاکستان کشمیری بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔

2

بقیہ کالم نمبر 2

کی سہولیات میں معاونت کے لئے 04 لاکھ 60 ہزار روپے سے زائد مالیت کی 65 ہائی پریشر آکسیجن سلنڈرز کی خریداری کی گئی ہے۔ پولیس فورس کے ملازمین کو ریٹائرمنٹ گرائٹی کی مد میں 20 کروڑ 23 لاکھ 94 ہزار روپے سے زائد رقم جاری کی گئی ہے۔ تدفین اخراجات کی مد میں فورس کے 35 شہداء کے لواحقین کو 50 ہزار روپے دیئے گئے۔ پولیس فورس کے فوری مالی امداد کی مد میں 15 لاکھ 52 ہزار روپے سے زائد کی رقم ادا کی گئی۔ آئی جی پنجاب انور منصور خان نے کہا کہ پولیس ویلفیئر فنڈ مختلف کے وظیفہ کے مسائل آمدن سے ملازمین کی مشکلات کا ازالہ کیا گیا۔

3

بقیہ کالم نمبر 3

لرن ڈارایجیسٹ سیکرٹری اطلاعات عاصم خان ،میاں طارق، ساجد ایم این اے وحید عالم، مہر اشتیاق، شہباز حیدر عمر، بلال صلاح الدین صاحبزادہ ریحانہ، ایمین سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی، رہنما نے جیتنگ کے اس آسمبلی ہال میں کئی یادگار لمحات گزارے ہیں، کئی چیئرمین کے ساتھ کام کیا، کشمیر کی آزادی کے لیے آواز بلند کرنا ہے، کشمیر کی آزادی کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتا رہوں گا، ہم

پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی و سفارتی حمایت کی، چوہدری لطیف اکبر

وزیراعظم پاکستان کی قانون ساز اسمبلی کے اجلاس سے کشمیریوں کے حوصلے بلند ہونگے

مظفرآباد (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس چیئرمین چوہدری لطیف اکبر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق، اپوزیشن لیڈر خواجہ فاروق احمد، خطاب کیا۔ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان ایڈیشنل چارج وزیر آزادجموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس چیئرمین چوہدری لطیف اکبر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان جمہوریہ اسلامی وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق، اپوزیشن لیڈر خواجہ فاروق احمد نے کشمیریوں کے دلی جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا اور نتیجے کے حصول تک ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا اور نتیجے کے حصول تک ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا، خواجہ سلمان رفیق

مبتلے کشمیریوں پر بھارتی سرکار کے مظالم کا عالمی برادری نوٹس لے، صوبائی وزیر صحت

آج پوری پاکستانی قوم مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہی ہے۔ بھارتی سرکار کے ہاتھ بنتے کشمیریوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ آج ہم پھر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور پاکستانیوں کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا اور نتیجے کے حصول تک ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ آج پوری پاکستانی قوم مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہی ہے۔ بھارتی سرکار کے ہاتھ بنتے کشمیریوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ بھارتی سرکار نے جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرکے بین الاقوامی قوانین کو اپنے پاؤں تلے روند ڈالا ہے۔ کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت واپس دلوا کر ہی دم لیں گے۔ انشاء اللہ ایک دن مقبوضہ کشمیر میں بھی قلم کی زنجیریں توڑ کر آزادی کا سورج ضرور طلوع (بقیہ نمبر 1)



لاہور: کشمیر ڈے کے موقع پر شہری کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

78 سال سے کشمیری اپنے حق خودارادیت سے محروم ہیں، ریاض ہزاروی

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں جاری جارحیت اور ظلم و ستم کیخلاف اپنا کردار ادا کرے، ریلی سے خطابات

پاکستان تحریک انصاف کی ذیلی تنظیم ہفتہ وار یوتھ ونگ کی جس سے صدر سید رفیع الدین الحق، انٹرنیشنل آرگنائزر ملک صدر عزیز، ریاض ہزاروی، مفتی عبدالرحمان ثاقب، ڈاکٹر خان عرفان ملک و دیگر راہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 78 سال سے جاری اپنے حق خودارادیت سے محروم ہیں، کشمیری عوام بھارتی ظلم کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، کشمیری عوام روز اول کی طرح ظلم کے خلاف برسر پیکار اور دشمن کو دندان شکن جواب دے رہے ہیں

پاکستان کشمیریوں کی غیر متزلزل اخلاقی، سفارتی، سیاسی حمایت جاری رکھے گا، علی ارشد رانا

کشمیریوں کی لازوال جدوجہد اور قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی، ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن

سیڈ کارپوریشن بھی ارشد رانا نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کی غیر متزلزل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا، کشمیریوں کی لازوال جدوجہد اور قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے وحشیانہ مظالم اور جبر کے باوجود کشمیر اپنی آزادی کیلئے جاری جدوجہد میں دنیا برابر بھی تنہا نہیں ہے

جعلی دستاویزات پر اٹلی سے اسلام آباد آنیوالا مسافر گرفتار

ملزم کا پاسپورٹ جعلی نکلا، 2 سال قبل غیر قانونی سمندر کے راستے یورپ گیا تھا، ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے ایئرپورٹ پر امیگریشن کنٹرول سرکل اسلام آباد نے جعلی دستاویزات پر اٹلی سے آنے والا مسافر گرفتار کرلیا ترجمان ایف آئی اے کے مطابق جعلی دستاویزات پر اٹلی سے آنے والے مسافر کو امیگریشن حکام نے گرفتار کیا ملزم کی شناخت محمد ارشد کے نام سے ہوئی، ملزم اس



لاہور: ڈویژن ہیڈ فرانیڈ جیرارڈ ایشی کے ہمراہ محمد احمد کے ہمراہ ایف آئی او کے افسران اور اہلکار گروپ فوٹو بنوا رہے ہیں

سمیڈا کے سی ای او کی جیمز اور جیولری کے نمائندوں کو یقین دہانی

سمیڈا ملک کے جیمز اور جیولری کے شعبے کو عالمی معیار کے مطابق جدید بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، سکندر احمد رانا

لاہور (آئی این پی) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) سکندر احمد رانا نے کہا ہے کہ سمیڈا ملک کے جیمز اور جیولری کے شعبے کو عالمی معیار کے مطابق جدید بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سمیڈا اس شعبے کی نمائندہ تنظیموں اور مالی (بقیہ نمبر 4)

رمضان کی آمد، ماڈل بازاروں کو اپ گریڈ کرنیکا فیصلہ

63 کروڑ 72 لاکھ کی لاگت سے ترقیاتی کام کرائے جائیں گے

لاہور (خبر نگار) رمضان میں ریلیف دینے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں، پنجاب بھر کے 36 ماڈل بازاروں میں ترقیاتی کاموں کے لیے 63 کروڑ 72 لاکھ روپے کی منظوری دیدی گئی۔ ذرائع کے مطابق ماڈل بازاروں کو اپ گریڈ کرنیکا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ماڈل بازاروں میں 63 کروڑ 72 لاکھ کی لاگت سے ترقیاتی کام کرائے جائیں گے، پنجاب حکومت کا 33 کروڑ 72 لاکھ روپے جاری کئے جائیں گے، 3 کروڑ 90 لاکھ روپے کی آلات کی خریداری کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق 3 کروڑ 90 لاکھ روپے کی آلات کی خریداری حکومت نے فوری فنڈز کی فراہمی کی منظوری دیدی۔

چوٹی میں کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی

پاکستان نے ہر مشکل گھڑی میں کشمیریوں کا ساتھ دیا اور ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، مقررین

چوٹی (این این آئی) چوٹی میں کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی اور میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا گیا تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر چوٹی کرم سلطان سہاوہ ڈی ایس پی سول سوسائٹی اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مقررین اسسٹنٹ کمشنر چوٹی ڈاکٹر کرم سلطان سہاوہ ڈی ایس پی ایڈمنسٹریشن ثنا بشانہ کھڑی نے کہا کہ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں کشمیریوں کا ساتھ دیا

حکومت کپاس کی پیداوار بحال کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے، ماہرین، کاشتکاروں کا مطالبہ

ماہرین نے پیداوار کی ٹیکنالوجی بڑھانے کے لیے ہائبرڈ بیج متعارف کرانے کا مطالبہ کیا ہے، وہ کہتے ہیں کہ کپاس کی پیداوار کی بحالی کیلئے ترجمان بلیو پرنٹ کی تیاری کیساتھ ساتھ کاشتکاروں کو کپاس کی کاشت کرنے والے علاقوں میں بجلی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی جائے

ملتان (این این آئی) جنوبی پنجاب میں کپاس کی پیداوار کی بحالی کیلئے ترجمان بلیو پرنٹ کی تیاری کیساتھ ساتھ کاشتکاروں کو کپاس کی کاشت کرنے والے علاقوں میں بجلی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی جائے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کپاس کی پیداوار میں کمی کی بڑی وجہ ٹیکنالوجی کا پیچھے رہ جانا ہے، کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے ہائبرڈ بیج متعارف کرانے کی ضرورت ہے، کپاس کی پیداوار میں کمی سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بھی مشکلات کا سامنا ہے، کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے ہائبرڈ بیج متعارف کرانے کی ضرورت ہے، کپاس کی پیداوار میں کمی سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بھی مشکلات کا سامنا ہے، کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے ہائبرڈ بیج متعارف کرانے کی ضرورت ہے

کشمیری نوجوانوں کی آزادی کی تحریک کو اپنے خون سے آبیاری کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پی ایم اے

کشمیر کے لئے قربانیاں دینے والے شہداء کی یاد میں پی ایم اے کاکول میں شمعیں روشن کی گئیں

ایبٹ آباد (این این آئی) پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پی ایم اے کاکول کے کیڈٹس نے کشمیری نوجوانوں کی آزادی کے لئے لازوال جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء کشمیر کی قربانیاں لائن آف کنٹرول کے دونوں جانب کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کو تقویت دیتی رہیں گی۔ پی ایم اے کاکول کے کیڈٹس نے کشمیر کے لئے قربانیاں دینے والے شہداء کی یاد میں شمعیں روشن کیں۔ کیڈٹس نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیر کے مظلوم عوام کی ہر ممکن مدد کرتی رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کشمیری عوام کی غیر متزلزل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

لاہور، ڈی ایچ اے فیز 6 میں کرنٹ لگنے سے 2 مزدور جاں بحق

لاہور (خبر نگار) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ڈی ایچ اے فیز 6 میں کرنٹ لگنے سے 2 مزدور جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو 1122 ہیلپ لائن پر پہنچی، ریسکیو کے مطابق جاں بحق ہونیوالے مزدوروں کی شناخت 22 سالہ عمران اور 25 سالہ عدنان کے نام سے ہوئی، دونوں مزدور موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ لاشوں کو جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس کے مطابق کرنٹ لگنے سے دونوں مزدور موقع پر جاں بحق ہوئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

کشمیریوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت بہت جلد کشمیر آزاد ہو جائے گا، سارہ احمد

لاہور (خبر نگار) ہیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور ممبر موہبائل آسکی سارہ احمد نے کہا ہے کہ 5 فروری کو پوری قوم یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منائی ہے تاکہ اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جا سکے۔ انہوں نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

پرائمری سکولوں میں معیار تعلیم کا جائزہ لینے کیلئے مارچ میں واٹی اسٹرنس ٹیسٹ لیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) پرائمری سکولوں کے معیار تعلیم کا جائزہ لینے کا پلان، رواں سال کوانٹی اسٹرنس ٹیسٹ ہوگا، پیا اور آوٹ سورس سکولوں کا بھی لیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پرائمری سکولوں میں معیار تعلیم کا جائزہ لینے کیلئے مارچ میں واٹی اسٹرنس ٹیسٹ لیا جائے گا۔

گروھاں گریلو تنازعہ پر جھگڑا میں نوجوان دیورنے فائرنگ کرکے اپنی بھاوج کو قتل کردیا

سے گروھاں (این این آئی) ہمراہ گھریلو تنازعہ پر جھگڑا میں نوجوان دیور نے فائرنگ کرکے اپنی بھاوج کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا، پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 18 روپے کلو کی فارمی انڈے مزید 2 روپے درجن مہنگے ہوگئے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 18 روپے کی بے 577 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 13 روپے کی بے 398 روپے فی کلو تک ہو گئی، فارمی انڈوں کی قیمت مزید 2 روپے اضافے بے 231 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (خبر نگار) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور پیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 12 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک، چائل میں وشور کے مقام پر آمد 11 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 1 ہزار 800 کیوسک، خیرآباد پل پر آمد 15 ہزار

اسٹاک مارکیٹ میں 1 لاکھ 11 ہزار سے زائد سودے، 1 ارب 70 کروڑ روپے کا کاروبار

اسلام آباد (این این آئی) مثبت کاروباری رجحان کے باعث اسٹاک مارکیٹ میں 1 لاکھ 11 ہزار سے زائد سودے ہوئے، 1 ارب 70 کروڑ روپے کا کاروبار ہوا، کے ایس ای 100 انڈیکس 1 ہزار 500 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 1 لاکھ 11 ہزار 500 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ کے ایس ای 100 انڈیکس 1 ہزار 500 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 1 لاکھ 11 ہزار 500 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔

ملک بھر کی طرح ضلع نارسمہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبہ کے ساتھ منایا گیا

پروگرامز کے اختتام پر مقبوضہ کشمیر اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں

نارسمہ (این این آئی) ملک بھر کی طرح ضلع نارسمہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبہ کے ساتھ منایا گیا، ضلعی انتظامیہ، نارسمہ اور ڈی پی او پی ٹی سٹاف اور میڈیا کے علاوہ مختلف شعبہ جات کے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ریلی ڈی سی او نارسمہ کے دفتر سے شروع ہو کر شہر نجت چوک نارسمہ میں پارک پر اپنے اختتام کو پہنچی۔ ریلی میں نارسمہ کے افسران و جوانوں کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر نارسمہ، ریونیو سٹاف، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن نارسمہ، ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے بھی شرکت کی۔ ریلی ڈی سی او نارسمہ کے دفتر سے شروع ہو کر شہر نجت چوک نارسمہ میں پارک میں اختتام پذیر ہوئی۔

اے این ایف نے 11 کروڑ کی مشیات ضبط کرلی، خاتون سمیت متعدد ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف راولپنڈی نے ملک کے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں کے گرد دواہ میں مشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 11 کروڑ روپے مالیت کی 69 کلوگرام مشیات برآمد کرلی، خاتون سمیت متعدد ملزمان گرفتار کرلیا گیا۔ راولپنڈی کے علاقے لالہ زار روڈ پر ایک موٹر سائیکل سوار سے 2 افراد کو 3 کلوگرام ہیروئن اور 6000 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں۔

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف راولپنڈی نے ضلع کچہری کے قریب گرفتار ملزم کے طلباء کو مشیات فروخت کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ملزم کے قبضے سے 1 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو مشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزم پوچھ گچھ کے لیے تھانہ کچہری راولپنڈی کے حوالے کر دیا گیا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا

لوگوں کی بڑی تعداد نے ان مظاہروں میں شرکت کی، بچوں، بوڑھوں اور خواتین کا جوش قابل دید تھا

شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے ہاتھوں میں مختلف بینرز، پلے کارڈز، تختیاں اٹھا رکھے تھے جن پر بھارت کے مظالم اور انسانیت سوز سلوک کے خلاف نعرے درج تھے۔ بچوں، بوڑھوں اور خواتین کا جوش قابل دید تھا۔ شرکاء نے اپنے جذبے اور مظلوم کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی (بقیہ نمبر 5)

منٹو پارک کو کشمیر کی آزادی کی تحریک کے ساتھ کھڑی ہوئی دنیا کی سب سے بڑی علامت بنا دیا گیا، فرخ نعیم الرحمان

غاصب بھارت نے کشمیری حریت رہنماؤں کو قید کر رکھا، مظالم کا شکار ماؤں، بہنوں کا ساتھ دینا ہماری ذمہ داری ہے، بیان

جماعت اسلامی کشمیریوں کی جدوجہد کے ساتھ شریک ہے، کشمیریوں کی آزادی کی تحریک تکمیل پاکستان کی تحریک ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اور او آئی سی فوری مداخلت کرکے بھارت کے ظلم کا ہاتھ روکے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ بھارتی مظالم کا شکار ماؤں اور بہنوں کا ساتھ دیں۔



پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کشمیریوں کیلئے بہت حوصلے کا باعث ہے، شبیر شاہ

سرگی فرکار (این این آئی) شبیر احمد احمد شاہ نے بی وہلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل سے ایک پیغام میں کشمیریوں کے لئے یکجہتی کا اظہار کرنے پر پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "یوم یکجہتی کشمیر" پر بھرپور جوش و جذبے سے منانا پاکستان کے غیر متزلزل عزم اور کشمیر کاز سے پختہ وفاداری کا مزید ثبوت ہے۔



سانگلہ ہل پرنسپل ملک محمد افضل کی کمسن پوتی ماں کی گود سے موت کی آغوش میں چلی گئی

نکانہ صاحب (این این آئی) گورنمنٹ علامہ اقبال ماڈل ہائی سکول کے پرنسپل ملک محمد افضل کی کمسن پوتی گرم پانی میں جھلس جانے کے باعث ماں کی گود سے موت کی آغوش میں چلی گئی، بتایا جاتا ہے کہ ماں کا پاؤں پھسلنے سے 2 سالہ بچی گرم پانی کے ٹب میں گر گئی، بچی کو فیصل آباد کے نجی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لا کر جاں بحق ہو گئی۔

کشمیری قوم کیلئے ہمیں ان کیساتھ پوری پاکستانی قوم اور پاک فوج کھڑی ہے، مظہر کوکھر

مظفرآباد (این این آئی) سابق وزیر سیاحت و ترقیات خواتین محترمہ مظہر کوکھر نے پوری پاکستانی قوم اور پاک فوج کا کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہونے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم اور فوج نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرکے بھارت سمیت پوری دنیا کو یہ پیغام دے دیا ہے کہ کشمیری قوم اکیلے نہیں ہیں بلکہ ان کے ساتھ پوری پاکستانی قوم اور پاک فوج کھڑی ہے۔

کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے، ڈاکٹر بھٹی

پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں، بہنوں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں، صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر ڈاکٹر عثمان بھٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، پاکستانی قوم کشمیر کا کارگل کے ایسے ہر مزموم منصوبے کو ناکام بنا دے گی جس کے ساتھ اس کے مستقبل کی بقا وابستہ ہے اور کشمیری عوام کے ساتھ اس کے مضبوط رشتے کو کمزور کرنے کی جو بھی کوشش کی جائے گی وہ ناپاک ہوگی۔ حق خود ارادیت حاصل نہیں کر لیتے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں ڈاکٹر عثمان بھٹی نے کہا کہ کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے، پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کاز کے ساتھ ہر پاکستانی کا جذبہ جڑا ہوا ہے،